SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, January 24, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا (٨١)
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا
يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا (٨٢) وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَؤُسًا (٨٣) قُلْ كُلٌّ
يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۗ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا (٨٤)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Thursday, January 24, 1991

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا
يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ
يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۗ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿٨٤﴾

ترجمہ :۔ اور کہہ دیجئے کہ حق آیا اور باطل گیا گزرا ہوا۔ واقعی باطل چیز تو یونہی آتی جاتی رہتی ہے۔ اور ہم ایسی چیز (یعنی قرآن) نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو شفا اور رحمت ہے۔ اور ناانصافوں کو اس سے اور الٹا نقصان بڑھتا ہے۔ اور آدمی کو جب ہم نعمت عطا کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا ہے۔ اور کروٹ پھیر لیتا ہے۔ اور جب اس کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے۔ آپ فرما دیجئے کہ ہر شخص اپنے طریقہ پر کام کر رہا ہے سو تمہارا رب خوب جانتا ہے جو زیادہ ٹھیک رستہ پر ہو۔

جناب چیئرمین :۔ آج وقفہ سوالات کو معطل کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب محمد علی خان صاحب آپ موشن موو کر دیں۔

Motion er Rule 236

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman, Sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, the requirement of Rule 38 of the said rules regarding Question Hour be dispensed with.

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Muhammad Ali Khan under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that the requirement of Rule 38 of the said rules regarding Question Hour be dispensed with.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: The rules stand suspended.

LEAVE OF ABSENCF

جناب چیئرمین ۔ جناب عبدالخالق خان صاحب اپنی ذاتی

مصروفیات کی بنار پر مورخہ ۱۷ تا ۲۲ جنوری اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے لہٰذا ۔ انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب صوبیدار خان مندوخیل صاحب علالت کی بنا پر ۱۷ تا ۲۱ جنوری اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے ۔ لہٰذا ان دنوں کے لیئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب بشیر احمد صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ ۲۰ تا ۲۱ جنوری کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے۔اس لیے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا۔ آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

ADJOURNMENT MOTIONS

Mr. Chairman: Adjournment motion No. 56, Mr. Javed Jabbar Sahib.

i) Re:Fraud in textile **quotas as administered by the EPB**

Mr. Javed Jabbar: Thank you, Mr. Chairman, I ask for leave to move that the House do now adjourn to discuss a matter of recent occurrence and of urgent public importance namely the fraud in textile quotas as administered by the Export Promotion Bureau.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Syed Fakhar Imam: Opposed, Sir.

جناب چیئرمین: جی جاوید صاحب اگر آپ تھوڑی سی تفصیل بتا دیں۔

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, this particular unfortunate incident came to light....

Mr. Chairman: One minute Javed Sahib, the Law Minister wants to say something.

Syed Fakhar Imam: Mr. Chairman, I think the honourable Minister for Commerce had asked for leave yesterday as he was out of station. If this could be taken up on his return at the next sitting, I will take up the next adjournment motion.

Mr. Chairman: Javed Sahib, any objection to that?

Mr. Javed Jabbar: No, it is all right, Sunday.

Mr. Chairman: All right, this is deferred then. We take up the next adjournment motions which are 57, 64 and 87.

یہ تینوں جاوید جبار صاحب کی ہیں؛ آپ نے ایک ہی مسئلے پر تین کیوں دی ہیں۔

Mr. Javed Jabbar: No, I have not given three. I have given one which is the dismissal of hundreds of government employees.

Mr. Chairman: Then what is 64.

Mr. Javed Jabbar: What is 64, I do not know. You see what they have done is that they have taken all the dismissal cases and treated them as one subject.

Mr. Chairman: How is this possible.

(Interruption)

Mr. Javed Jabbar: No, no, I submitted them

separately, they have clubbed them together.

Mr. Chairman: It is being opposed. آپ نے پڑھا اس کو؟

Syed Fakhar Imam: Opposed Sir.

جناب چیئرمین: جاوید صاحب بتائیں اس میں کیا ہے۔

ii) Re: dismissal of hundreds of govt. employees

Mr. Javed Jabbar: No. 57 deals with, I ask for leave to move that the House do now adjourn to discuss a matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely the dismissal of hundreds of government employees on orders of the Federal Government. And then the next one is 64 and the next one is 87.

جناب چیئرمین: وہ بھی پڑھ دیں جی وہ کیا ہیں۔

iii) Re: dismissal of 45 employees of Pakistan Sports Board.

iv) Re: dismissal of 14 lecturers

Mr. Chairman: I then ask the same leave to move with reference to the dismissal of 45 staff of Pakistan Sports Board despite their having been appointed by the Selection Board of Pakistan Sports Board and thirdly, the third motion concerns again, namely, the dismissal of 14 lecturers employed in Federal Government educational institutions in Islamabad despite their fulfillment of all terms and conditions of service.

Mr. Chairman: This is 87.

تو ۵۷ اور ۸۷ میں کیا فرق ہے؟

57 also deals with lecturers.

Mr. Javed Jabbar: In addition to others.

Syed Fakhar Imam: I oppose this motion.

جناب چیئرمین - جاوید صاحب یہ ۵۷ اور ۸۷ میں کیا فرق ہے۔

Mr. Javed Jabbar: Because the 57 motion covers a general comprehensive motion of dismissal against hundreds of employees whereas No. 87 specifically deals with those 14 lecturers who were dealt with or who were dismissed later on.

Mr. Chairman: OK, would you like to say something on it!

Mr. Javed Jabbar: Well, Mr. Chairman, the humanitarian side of it is self-evident; people who have qualified for service according to prescribed conditions of Government have been recruited, have hundreds, thousands of dependents; there may have well been some elements of patronage. Every Government as we well know, without violating any basic law has the right to appoint people to positions, provided they fulfil certain minimum criteria. Now, in all these cases Mr. Chairman, it appears that there has been an unfortunate tendency to victimize innocent people purely because they were either appointed during the tenure of Pakistan Peoples Party Government or because they may have had some relationship with some officers or members of Government or of the political party. Now, people cannot be held guilty merely by association with political people. Someone may be a politician's cousin, but if he is inherently qualified, he should not be deprived of his right to employment. Now, in some of these cases, Mr. Chairman, the alarming thing is that for instance the Pakistan Sports Board case. The 45 staff who had already been chosen by a duly constituted selection board not even by the notorious or ill-advised Placement Bureau but by the selection board of Pakistan Sports Board, I repeat Sir, by Pakistan Sports Board, after having fulfilled the conditions of that institution. The dismissal seems to be against the basic right of employment.

and then too, Mr. Chairman, in the case of lecturers who have clearly fulfilled all the terms and conditions of service. So, I rest my case on this basis that dismissal from service is a very cruel act and it is an act that is in violation of a basic right of employment, thank you Sir.

Mr. Chairman: Thank you, yes, Law Minister Sahib.

Syed Fakhar Imam: Thank you Mr. Chairman. Mr. Chairman, right at the start, I would like to draw your attention to one particular rule of the Rules of Procedure and Conduct of Business both in the National Assembly and the Senate that substantially the same adjournment motion about hundreds of employees being dismissed was taken up and discussed admissibility in the National Assembly—one technicality for you to give a ruling on it—but, as far as these motions are concerned Mr. Chairman, I would like to bring the attention of the honourable members of the Senate and in particular the mover of the motion Senator Javed Jabbar, that he is well aware that under the prescribed rules and procedure, appointments to posts in BPS-1 to 15 under the government are required to be made through departmental selection committees after due advertisement and due observance of the provincial and the regional quotas. As for the appointments made in grade 16 and above falling within the purview of the Federal Public Service Commission. the Ministries, Divisions and Departments send their requisitions to the Commission for filling these posts on a regular basis. In case the Ministries and Divisions want to fill in these posts on urgent basis, there is a provision for making ad hoc appointments. In bps 16 and above initially for a period of six months. However, these the persons who are so appointed have to fulfil all the requirements, ultimately if they have to be regularized through the FPSC the process itself. Now, we have seen that in the recent past and especially as far as the previous Government was concerned that the criterion is followed only for one purpose

and that is that merit and merit alone, according to these procedures should form the basis of selection for appointment.

Now, we have seen that many irregular appointments were made and regardless of their political affiliations or political associations all those employees who have not been appointed in accordance with the Rules and Procedure as enunciated and in violation of the prescribed procedures only their services have been terminated. In fact, I can even give you the figures which the Establishment Division has given me upto a certain date and this process is an ongoing process, this is not a static process, and if the honourable Senator would like I can even read out the particular dates, what the termination of employees was at a particular date.

جناب چیئرمین : پڑھ دیں۔

Syed Fakhar Imam: BPS 16 and above 276, BPS 6 to 15—1437, BPS 1 to 5, originally the view was that all employees should be terminated and they were terminated at that time but some of them now being taken back because the decision was reviewed and revised and this number is 562; so, the total number of BPS 1 to 15 came to 2009. Mr. Chairman, I feel that there is no illegality or non-constitutional procedure. In fact, they had done non-constitutional by, because this is in violation of the Constitution, this is in violation of all norms of justice. Because when you allow people to be recruited in this way, then you deprive those others who did not have an opportunity to vie for the same positions. No country in the world, no civilized country in the world, allows this kind of capricious, whimsical, arbitrary appointments nor can the people of Pakistan and the Government of Pakistan.

Mr. Chairman: Thank you. Javed Jabbar Sahib.

Mr. Javed Jabbar: Sir, I would have referred also to learn from the honourable Minister the specific case of the 45 employees in the Pakistan Sports Board where it has been claimed that they had not been t processed by the selection board of the institution instead of being imposed by the Placement Bureau or by political influence. So, firstly one would like a response on that specific issue and secondly, Mr. Chairman, if at all some irregularities have allegedly been committed during the PPP Government, will the honourable Minister confirm that the appointments made by the Caretaker Government fulfilled the criteria which the present Government......

Mr. Chairman: Are you asking a question or you responding to the adjournment motion?

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, one should press the adjournment motion that is dependent on the answer illicited from the Minister. If he is able to inform the House.....

جناب چیئرمین: آپ نگران حکومت کے بارے میں علیحدہ موشن دے سکتے ہیں یا سوال پوچھ سکتے ہیں۔ اس مسئلے پر ان کا یہ کہنا ہے کہ جو دستور کے خلاف یا قواعد کے خلاف appointments ہوئی تھیں ان کو review کیا گیا ہے اس پر آپ کیا کہنا چاہیں گے۔

Mr. Javed Jabbar: On the appointments made by the Caretaker Government, fine, don't Chairman, I will submit a separate question or motion but concerning this specific motion that I have moved regarding the Pakistan Sports Board's case and the 14 lecturers, the honourable Minister has not given a specific response to these two separate motions.

Mr. Chairman: Have you any information on this?

Syed Fakhar Imam: On the Sports Board I dont' have the file with me right now but I am sure that if the prescribed procedure was adhered to, as I said, originally, there would be no violation of the rules as such. As far as 14 lecturers are concerned, because that concerns the Ministry of Education, they have been served notices, as yet they have not been terminated but until and unless they qualify through the Federal Public Service Commission they will not be regularised in accordance with the law.

Mr. Javed Jabbar: Well Mr. Chairman, we should adjourn further consideration of Pakistan Sports Board's case till Sunday when the Minister has the information.

Mr. Chairman: O.K. other two you do not press.

Mr. Javed Jabbar: I do not, in the light of what the Minister has said.

Mr. Chairman: So, the Sports Board's matter which is Adjournment Motion No. 64, is deferred until we get information on this and the other two are disposed of as having been not pressed after the statement of the honourable Minister. Next is Prof. Khurshid Ahmed No. 63.

v) Re: use of poisonous agro-chemicals in the food gardown.

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں اس معزز ایوان کی اجازت چاہتا ہوں کہ مندرجہ ذیل تحریک پیش کروں۔ روزنامہ "جنگ" راولپنڈی مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۹۰ کی اشاعت کے مطابق گندم، چاول اور دوسری اجناس کو گوداموں میں محفوظ کرنے کے لئے زہریلے زرعی کیمیکلز کے استعمال سے ان اجناس خوردنی میں زہریلا مادہ شامل ہو جاتا ہے جس سے کینسر، جگر اور گردے کی مہلک بیماریوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

دنیا کے تمام ترقی یافتہ ممالک میں ان کو مضر صحت قرار دیا گیا ہے جبکہ پاکستان میں ابھی ان کا استعمال جاری ہے۔ اس لئے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کی کارروائی کو روک کر اس اہم مسئلے پر فوری بحث کی جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Syed Fakhar Imam: Opposed Sir.

Mr. Chairman: Opposed. Prof. Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! جیسا کہ میں نے تحریک کے الفاظ ہی میں اس بات کی وضاحت کر دی ہے کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ جو کیمیکلز استعمال کی جا رہی ہیں مختلف اشیائے خوردنی کو preserve کرنے کے لئے ان میں World Health Organization اور دنیا کے دوسرے ممالک کی جو پریکٹس ہے اسے پوری طرح ملحوظ نہیں رکھا جا رہا نہ اس کے بارے میں میرے علم کی حد تک ملک میں کوئی ایسا قانون ہے، دنیا کے مختلف ممالک میں قوانین موجود ہیں، خاص طور پر امریکہ میں قوانین موجود ہیں جن کی بنا پر ضروری ہے کہ اس ٹائپ کے کیمیکلز جو ہیں انہیں کن کن اجزاء سے پاک ہونا چاہیئے دوسری چیز یہ ہے کہ جو ادویہ استعمال کی جا رہی ہیں ان کا indiscriminate use یعنی ان کے بارے میں کوئی ضابطہ اور قاعدہ بھی نہیں ہے اور اس کے بعد پھر اس کے استعمال کے سلسلے میں بھی احتیاط نہیں برتی جا رہی۔ عام خوردنی اشیاء جو ایک عام آدمی استعمال کر رہا ہے وہ ایسے گوداموں سے آ رہی ہیں جو کہ سرکاری تحویل میں ہیں حالانکہ دنیا کے دوسرے ممالک میں پرائیویٹ سیکٹر میں بھی یہ پابندی ہے کہ جو چیزیں پرائیویٹ سیکٹر سے آ رہی ہیں ان کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ ایسے کیمیکلز استعمال نہیں کر سکتے جن کے ان اشیاء پر دیرپا اثرات ہوں۔

یہ دراصل قوم کی صحت کی حفاظت کے لئے ضروری ہے اور چونکہ اس بات کی شہادت موجود ہے کہ ان سے بڑی مہلک بیماریاں پیدا ہو رہی ہیں بلکہ ملک میں ان بیماریوں کا ایک explosion ہے اس بنا پر جناب والا! اس میں تو کوئی اختلاف رائے نہیں ہو سکتا کہ یہ ایک قومی اہمیت کا مسئلہ ہے اس لئے کہ آپ اس طرح ہزاروں لاکھوں انسانوں کی صحت اور جان کی حفاظت کے مسئلے سے deal کر رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس کا تعلق ملک کے قانون سے ہے اور ملک کی پالیسی سے ہے اور پالیسی بھی فیڈرل حکومت کی تو اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا فوری نوٹس لینا چاہیئے اور اگر میری تحریک کے ذریعے حکومت اس مسئلے کی طرف متوجہ ہو جائے اور اس طرح لوگوں کی صحت کا کوئی اہتمام ہو سکے اور کوئی قواعد و ضوابط بن سکیں۔ تو میں سمجھوں گا کہ یہ ایک بڑا مثبت contribution ہوگا اور حکومت کو اس معاملے میں تعاون کرنا چاہیئے۔ میں ان کی مدد کر رہا ہوں اور وہ عوام کی مدد کریں اور اس طرح ہم اپنی قوم کی صحت خاص طور پر درپیش خطرات سے بچا سکیں۔

Mr. Chairman: Syed Fakhar Imam.

Syed Fakhar Imam: Mr. Chairman I think the honourable Senator has raised a very important and very pertinent issue. The reason that I opposed this particular motion was that the brief that I have from the Ministry of Food & Agriculture, says that this particular motion as such did not specify any one particular issue but it has brought notice to the practice of storage of wheat, rice and other commodities resulting in increase in cancer and other fatal diseases on account of improper chemicals being used for storage. There are two organizations under the purview of the Federal Government namely PASCO and the Rice Export Corporation of Pakistan which are using certain types of

fumigants. I have the list of fumigants here in detail and it includes aluminium phosphate, methyl bromide, etc., I would like to bring to the notice of the honourable Senator that in 1989 after the UN Consolidated List of 1987 prohibiting the use of certain types of chemicals etherdiabromide in combination with tetrachloride has been discontinued or declared dangerous under the UN Consolidated List. So, it is no longer being imported in Pakistan since 1989. As regards the other pesticides fumigants listed above, so far. they have not been declared as dangerous. It has also been mentioned and there we do have a law in this country which is known as Agriculture Pesticides Ordinance, 1979, and there are relevant rules with it. The Government actually has already taken up this particular aspect and they are now redrafting a new law because the present law has the provisions for fines of a very small amount i.e. one thousand(rupees)etc. Those fines are now going to be revised and a summary is nearly complete which will be submitted to the Cabinet soon in which fines are being enhanced by a very large amount. Because when this particular Ordinance was drafted in 1971 then one thousand had a great value. Today, it has practically no value. So, fines upto approximately twenty five thousands will be imposed and alongwith them punishment which will be imprisonment also, which is not there, in the present law, is being provided. So, stringent measures in the new dratt of the law are already being envisaged and hopefully this will add to the great concern, which is I think a great concern for all Pakistanis, today of the type of storage that is being used and so on. But I would like to make it clear to my honourable colleagues here that as far as the other chemicals are concerned they are not as yet on the UN List of Dangerous Drugs. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Professor Sahib, in the light of the statement would you like to say something?

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں وزیر صاحب کا بے حد ممنون ہوں اور دراصل یہی ہمارا مقصد بھی ہے۔ہم سب مل کر کے جہاں کوئی خرابی پائی جاتی ہے اس کی اصلاح کی کوشش کریں۔میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا positive step ہے کہ ۱۹۷۱ء کے قانون پر نظرثانی کی جارہی ہے لیکن اس موقع پر مناسب ہوگا کہ review کے علاوہ دو چیزوں کا مزید خیال رکھا جائے۔ پہلی چیز یہ کہ کونسی ادویات، کونسی کیمیکلز نقصان دہ ہیں اس کے بارے میں صرف یہ نہ دیکھا جائے کہ مغربی اقوام نے مشرقی ممالک اور تیسری دنیا کے ممالک کو اپنی منڈی بنانے کے لیے جن چیزوں کو وہ یہاں بھیجتے ہیں وہ اس سے مختلف ہیں جو وہ اپنے ہاں استعمال کرتے ہیں۔ ان دونوں چیزوں کو سامنے رکھ کر جو فی الحقیقت ہماری صحت کے لیئے لازمی چیزیں ہیں ان کو ہمارے اپنے کیمسٹ اور ہمارے اپنے Pharmacists ملاحظہ کریں اور جن کی لسٹ ہم بنائیں ان کو صرف آنکھیں بند کر کے استعمال نہ کریں بلکہ وہ یہاں کی ضرورت کے مطابق ہوں اور دوسری چیز جناب والا! یہ ہے کہ صرف کیمیکلز کا مسئلہ ہی کافی نہیں ہے بلکہ ان کی مقدار fumigation کے لیئے یہ ہے کہ اگر ایک چیز جو پانچ فیصد صحت کے لیئے acceptable ہے لیکن وہ آٹھ فیصد یا دس فیصد کی جارہی ہے تو وہی چیز نقصان دہ ہو جاتی ہے۔ آپ کو ان تمام پہلوؤں کو سامنے رکھنا چاہیئے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا دائرہ پرائیویٹ سٹوریج کیلئے بڑھانا چاہیئے تاکہ تمام عوام کی صحت کا خیال رکھا جا سکے۔میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اگر respond کرتی ہے تو میری تحریک التواء کا مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: جناب ہوتی صاحب یہ معاملہ اہم ہے اس کو آپ کمیٹی میں بھی examine کریں کہ یہ کونسے fumigants استعمال کر رہے ہیں، کس مقدار میں کر رہے ہیں۔

I think this matter you should also take in the Committee meetings.

دوسرا پروفیسر صاحب آپ کو ان معاملات سے دلچسپی ہے ۔

We are grateful to you.

کہ آپ یہ جو اہم معاملات لاتے ہیں مجھے کسی نے بتایا ہے کہ اسلام آباد میں کہیں کہیں پانی کے لیئے Asbestos pipes استعمال ہو رہے ہیں آپ جانتے ہیں کہ Asbestos pipes صحت کے لیئے خاصے مضر ہو سکتے ہیں ، اس پر بھی مہربانی کر کے ذرا دیکھیں کہ یہ صحیح ہے یا غلط ہے اور اگر صحیح ہے تو پھر اس کے لیئے کیا کرنا چاہیئے ۔

پروفیسر خورشید احمد: اسے بھی متعلقہ کمیٹی ساتھ ہی take up کر لے تو بڑا اچھا ہے ۔ اس سے پہلے بھی یہ مسئلہ آیا تھا۔

جناب چیئرمین factually بھی کر لیں اور یہ بھی پتہ کریں کہ یہ صحیح ہے یا نہیں ؟

پروفیسر خورشید احمد: سملی ڈیم میں جو pollution تھا اس کی بنیاد پر میں نے یہ مسئلہ اٹھایا تھا اور اس کو investigate کیا اور اس کے بعد پھر گورنمنٹ نے اس معاملے میں کئی اہم اقدامات کیئے ۔

Mr. Chairman: Fakhar Imam Sahib, could you kindly ask the CDA whether Asbestos pipes are being used for water supply in Islamabad or not in any area, in any sector.

Syed Fakhar Imam: Yes, certainly I would do so.

Mr. Chairman: Please ask them because this information was conveyed to me and I thought I will share it with the House. Mr. Javed Jabbar, No. 59 Adjournment Motion.

vi) Re: Processing the proposals for an urban mass transit system in Karachi.

Mr. Javed Jabbar: I ask for leave to move that the House do now adjourn to discuss a matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely - the failure of the Federal Government to support and process the proposal for an urban mass transit system in Karachi.

Syed Fakhar Imam: Sir, technically I oppose it but the concerned Minister I think has asked for leave from you.

Mr. Chairman: Javed Sahib, if you don't mind we can defer it.

(Pause)

Mr. Chairman: O.K. we will take it up next time. Thank you, that brings us to the end of the Adjournment Motions time.

اخوندزادہ بہرہ ور سعید: میرا نام کل پکارا گیا تھا اگر مجھے آج پہلے موقع دیا جائے تو بہتر ہوگا۔

Mr. Chairman: Mr. Javed Jabbar, I am told that there is still sometime for Adjournment Motions Sardar Mehtab Khan Abbasi, I think, is dealing with the Sports Board matters. He wants to respond to that.

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman I had pressed for the admissibility of the adjournment motion principally on the ground that according to the information made available, the dismissal of 45 staff of the Pakistan Sports Board had been done despite they have been appointed by the Selection Board of that institution itself rather than by any other institution and one would be enlightened if the Minister is able to confirm or deny this statement.

vi) Re: processing the proposals for an urban transit system in Karachi.

Sardar Mehtab Ahmad Khan Abbasi: Sir, I oppose the adjournment motion. First of all I may inform the House that services of only 28 and not of forty five employees of the Pakistan Sports Board were terminated. The termination of service of these employees of the Board were considered necessary as the appointments were either not made on merits in violation of the prescribed procedure or the persons appointed in various positions did not fulfil the prescribed qualifications. The Pakistan Sports Board had appointed total 74 persons in bps 1 to 18 during the period from 31st December 1988 to 6th August, 1990. On scrutiny by a board of officers constituted for this purpose, it transpired that 68 persons - 28 in bps 6 to bps 18 and 14 in bps 1 to bps 5 were appointed in violation of prescribed procedure of Sports Board Service Rules. Sir, this is the actual position.

جناب چیئرمین: آپ کا کہنا ہے کہ ۲۸ terminate ہوئے ہیں۔

سردار مہتاب احمد خان عباسی: ۴۵ نہیں ہوئے۔

جناب چیئرمین: ۲۸ ہوئے ہیں لیکن وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ باقاعدہ ایک procedure کے تحت اپوائنٹ ہوئے تھے۔ یہ کس گریڈ کے employees تھے۔

سردار مہتاب احمد خان عباسی: یہ ۶ سے ۱۸ گریڈ تک کے تھے۔

جناب چیئرمین: یہ کہہ رہے ہیں کہ باقاعدہ جو بھی procedure lay down ہے اس کے مطابق اپوائنٹ ہوئے تھے۔

سردار مہتاب احمد خان عباسی: نہیں یہ پروسیجر کے تحت اپوائنٹ نہیں ہوئے تھے۔ یہ "pick and chose" کی بنیاد پر ہوئے تھے۔ کوئی advertisement نہیں کی گئی، کوئی rules and procedure کو follow نہیں کیا گیا۔

گریڈ ایک سے پانچ تک جن کو نکالا گیا تھا ان کو reinstate کر لیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ۔ جی جاوید جبار صاحب ۔

سردار مہتاب احمد خان عباسی : یہ حکومت کی جنرل پالیسی تھی جو پلیس منٹ بیورو کے ذریعے پروسیجر کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اختیار کی گئی تھی اس لیئے ان کو terminate کر دیا تھا ۔

Mr. Javed Jabbar: The Selection Board, you mean, did not play any role in the recruitment or in the appointment of these 28 people who were dismissed.

سردار مہتاب احمد خان عباسی : جہاں تک سلیکشن بورڈ کی بات ہے ۔

The Selection Board can only proceed when the post is advertised, when it is invited for the general public to participate in the advertisement.

اگر advertisement کا پروسیجر اختیار نہیں کیا گیا

that means all the procedures adopted was not in accordance with the rules and procedure.

Mr. Chairman: These posts were not advertised.

Sardar Mohtab Ahmed Khan Abbasi: Yes, they were not advertised.

جب آپ نے کسی کو competition کے لیئے invite ہی نہیں کیا تو اس سے بہت سے لوگوں کا رائٹ آپ نے deny کر دیا ۔

then very proceedings of the Selection Board were not in accordance with the law.

جناب چیئرمین : جی بات سمجھ میں آ گئی ہے ۔ جی جناب جاوید جبار صاحب ۔

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, if the posts were not advertised then obviously a basic principle has been disregarded, I, therefore, do not press the motion.

Mr. Chairman: Thank you. So, this is disposed of as not pressed in the light of the statement of the honourable Minister and now I think it brings us to the end of the adjournment motions. We now proceed to the next item regarding the discussion on the Gulf situation.

بہرہ ور سعید صاحب کے بارے میں یہ لکھا ہوا ہے کہ ان کا نام بلایا گیا تھا لیکن وہ موجود نہیں تھے بہرحال حرف آپ سے ڈر یہ لگتا ہے کہ اگر آپ کو وقت دیا

گیا تو پھر باقی کوئی نہیں بول سکے گا۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب گزارش یہ ہے کہ یہاں جتنے مقررین نے تقاریر کی ہیں ان کے لئے کوئی حد مقرر نہیں تھی اور وہ بغیر اس پابندی کے بولتے رہے گویا اچھا کرتے رہے۔ مجھ پر یہ پابندی کیوں؟ ویسے میں کوشش کروں گا کہ میں مختصر بولوں ....

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ تیرے وعدے پہ ہم جیئے۔ وہ کیا شعر ہے۔

Further discussion on the Gulf situation.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: باطل دوئی پسند ہے حق لاشریک ہے
شرکت میانِ حق و باطل نہ کر قبول

جناب عالی! خلیج فارس میں اس وقت جو حالات ہیں ان کا پس منظر تو دوستوں نے بیان کیا ہے۔ اور موجودہ حالات بھی دنیا کے سامنے ہیں میں اس پر سرسری بات کروں گا۔ ۱۷ تاریخ کو جو اینگلو امریکن آدمی نے عراق پر شب خون مارا اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ برطانیہ اور امریکہ کا گٹھ جوڑ تو میری سمجھ میں آتا ہے۔ برطانیہ اسلامی دنیا کا دیرینہ دشمن ہے۔ امریکہ اس کے ساتھ ہاتھ ملاتا ہے۔ اس لئے کہ یہ نسل ایک ہے۔ ہنود اور یہود تو ہمارے ازلی دشمن ہیں۔ لیکن یہ سمجھ نہیں آتا کہ فرانس اور جاپان اس میں کیوں شامل ہو گئے ہیں۔ فرانس کیا وہ صدسالہ جنگ بھول گیا، وہ واٹر لو میں اپنی شکست بھول گیا۔ جاپان کو پرل ہاربر پر امریکہ کا حملہ بھول گیا۔ یہ ساری چیزیں انہوں نے اس لئے معاف کر دیں کہ یہ ایک بلاک بنا لیں مگر کس کے خلاف، اسلامی دنیا کے خلاف اس وقت جتنا گولہ بارود بغداد و بصرہ پر پھینکا جا رہا ہے اس پر بجائے اس کے کہ یہ انسانی حقوق کے علمبردار اس کی مذمت کرتے الٹا ان کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں۔ ہماری سابقہ حکومت کے لوگ جو امریکہ میں جا کر ان کی تعریف کرنے سے نہیں

تھکتے وہ یہ نہیں سوچتے کہ اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کی قرار داد کی آڑ میں امریکہ شہری آبادی پر اندھا دھند بمباری کر رہا ہے۔ پھر عجیب بات یہ ہے کہ جب ان کے چھ یا سات پائلٹوں کو صدام نے پکڑ لیا اور اپنی تنصیبات کے قریب ان کو رکھا تو جناب بش صاحب کو ایک دم جنیوا کنونشن یاد آ گیا۔ جنیوا کنونشن اگر بش صاحب کو یاد آتا ہے تو اس میں یہ بھی ہے کہ جنگ کے دوران صرف ملٹری تنصیبات کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ شہری آبادی پر بمباری نہیں کی جا سکتی ہے۔ یہ اس کی عجیب دو رُخی پالیسی ہے۔ جب اس کے اپنے چھ پائلٹوں کا مسئلہ سامنے آیا تو اس نے اس کو جنگی مجرمانہ حرکت قرار دے کر سزا کے لئے مطالبہ کیا اور کہا کہ یہ ظلم کر رہا ہے لیکن دوسری طرف ڈیڑھ دو لاکھ مسلمانوں کا خون خود بہا رہا ہے مگر اس پر اسے کوئی افسوس نہیں ہوتا اور جنیوا کنونشن بھی یاد نہیں آتا۔

میں جناب اس سلسلے میں ترکی کی شرکت پر بھی بہت افسوس کرتا ہوں اور اس سے ہرگز یہ توقع نہیں تھی۔ ترکی کو ۱۹۱۴ء کی جنگ کے حالات مدنظر رکھنے چاہئیں تھے۔ ترکی کی اُس وقت consolidated position تھی برطانیہ نے جس طریقے سے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کیا اور موجودہ خلیجی ریاستوں کو ترکی کے ملک سے الگ قائم کیا اور انہیں آزاد ریاستوں کا درجہ دلوا دیا تو ترکی کو یہ بھولنا نہیں چاہیئے تھا۔ پھر اسے یہ بھی بھولنا نہیں چاہیئے تھا۔ کہ کس طرح سے انگریز نے اسرائیل کو جنم دیا اور وہاں اس کے پاؤں مضبوط کئے اور اب امریکہ اُس غنڈے کو مشرق وسطیٰ کے عرب ملکوں کے مقابلے کے لئے تیار کر رہا ہے۔

جناب والا! میں صدام صاحب کی وکالت نہیں کرتا لیکن عراقی عوام کا کیا قصور ہے۔ اُن عوام کا جو فوجی تنصیبات سے بہت دور ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اُن کا ایک قصور ہے جو ہرگز قابل معافی نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ پڑھتے ہیں۔ لاالٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ اور یہ لوگ جو اپنے آپ کو بڑے مہذب

ترقی یافتہ اور کیا کیا کہتے ہیں ۔ ابراہیم لنکن نے کہا تھا۔

I will give an opportunity to a person who will speak against me, no matter if he speaks against me.

پھر وہ دور یاد کریں جب غلاموں کو گرفتار کر کے لایا کرتے تھے ۔ کیا وہ دور بھی بھول گئے ۔ وہ پھر یاد دلاتے ہیں کہ کبھی ساؤتھ اور کبھی نارتھ میں ہم نے جنگ لڑی ہے ۔ اقوام متحدہ کو ہم نے بنایا۔ اب کے بعد اقوام متحدہ کی اصلی صورت اس دنیا پر عیاں ہوگئی ہے ۔ جناب! میں یہ نہیں سمجھتا کہ ان کو قانون کی سمجھ نہیں آتی یا یہ جانتے ہوئے بھی نظر انداز کرتے ہیں ۔ اقوام متحدہ سے جتنی بھی قراردادیں پاس کروائی گئی ہیں، میں "پاس کروانے" کے الفاظ استعمال کرتا ہوں اس میں کسی جگہ بھی یہ نہیں لکھا ہوا کہ امریکہ کو یہ حق حاصل ہو گیا ہے کہ وہ بغداد پر حملہ کرے ۔ صرف اتنا کہا گیا تھا کہ وہ کویت کو عراق سے خالی کروائے اور سابقہ پوزیشن بحال کروائے ۔ میرا بھی اور ہماری حکومت کا بھی یہ مؤقف ہے کہ کسی ملک کو چاہیے وہ بڑا ہو یا چھوٹا، یہ حق ہرگز حاصل نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے ملک کی آزادی کا حق سلب کرے اور یہاں تک کرے کہ اس پر قابض ہو کر اس کو اپنے علاقے میں ضم کرے ۔ کیا اب وہ اصول بدل گیا ہے ۔

جناب والا! اس وقت جو گٹھ جوڑ ہوا ہے جس کو میرے دوست coalition کہتے ہیں اس coalition میں جتنے ممالک کو وہ شامل کر رہے ہیں وہ تو ایک بہانہ ہے عراقیوں پر مزید ظلم وستم ڈھانے کا ایک طریقہ کار ہے ۔ ورنہ کیا ضرورت تھی کہ ہزاروں میل سے امریکہ چل کر یہاں آکر خیمہ زن ہو جائے ۔ کویت کو خالی کرانے کے لیے اور پھر لطف کی بات یہ ہے کہ جنگ کے حالات بھی امریکہ عرب کے ساحل پر آتا ہے عرب کے پیسے پر گزارہ کرتا ہے اور اس کا رزق کھاتا ہے اور انہی کے ساتھ

نمک حرامی کرتا ہے۔ان کا تیل استعمال کرتا ہے، اپنے اخراجات عرب ممالک سے وصول کرتا ہے اور عرب ہی پر بم برساتا ہے۔ اور اُن کو تباہ کرتا ہے۔ اس کو کیا پڑی ہے ۔ اس کے جناب دو مقاصد تو بالکل عیاں ہیں۔ ایک یہ کہ وہ اپنے پروردہ اسرائیل کو اس ریجن میں سب سے بڑی طاقت بنانے کے لئے کوشاں ہے۔ چونکہ عراق سے یہ خطرہ لاحق ہو گیا تھا کہ شاید عراق اب فوجی نقطہ نگاہ سے یعنی militarily اتنا مضبوط ہو گیا ہے کہ وہ اسرائیل کو اپنی hegemony قائم کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے ٹکر لے کر اسرائیل کو کمزور کرے یا تباہ کر دے۔ دوسرا مقصد اس سے بھی بڑا ہے اور وہ مقصد یہاں کے تیل پر قبضہ کرنا ہے۔ اس کو اپنے کنٹرول میں لانا ہے۔ میں بلا خوف تردید یہ کہوں گا کہ ۷۳ء کی جنگ میں جب فیصل شہید نے پہلی بار تیل کو بطور ہتھیار استعمال کیا اس وقت ہی امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ اب جو بھی طریقہ ہو، جو بھی ذریعہ ہو، کوئی بھی بہانہ ڈھونڈا جائے مگر ان تیل کے کنوؤں پر ہمارا قبضہ اور کنٹرول ہونا چاہیئے۔ اس کے لئے خاص فوج بھرتی کی گئی۔ اُن کو وہاں کے صحراؤں میں تربیت دی گئی۔ وہاں کے لئے خاص قسم کے ٹینک اور اسلحہ تیار کیا گیا۔ اس بہانے کی تلاش میں تھے کہ کب موقع ملے اور وہاں جا کر یہ کام کریں۔ یہی روس چاہتا تھا۔ جس نے افغانستان میں جا کر ان کو کہا کہ آپ نے مجھے بلایا اور یہاں امریکہ نے کہا کہ مجھے سعودی عرب نے بلایا۔ اب میں نہیں جانتا کہ واقعی اسے بلایا گیا ہے یا یہ کہ وہاں جا کر بیٹھ جانے کے بعد کہا کہ بھائی مجھے دعوت نامہ دے دو۔ دونوں صورتوں میں یہ ہماری مقدس سرزمین پر ناپاک قدم رکھ کر یہاں جمع ہوئے ہیں۔

جناب والا! یہ صحیح ہے کہ عراق نے زیادتی کی ہے، وہ ایک جارح ہے، اس نے اپنے ایک چھوٹے اسلامی ہمسایہ ملک پر حملہ کر کے اس پر قبضہ کیا

ہے اور ساری دنیا نے مسلم اور غیر مسلم ممالک سمیت سب نے مل کر اس سے یہ کہا کہ آپ اپنی فوجیں withdraw کریں اور اس ملک یعنی کویت کو آزاد کریں اور اس کی سابقہ حیثیت بحال کریں۔ یہاں میں کہوں گا۔ میرے ایک ایرانی دوست نے ایک گفتگو میں مجھے بتایا کہ بھئی آپ صدام کے معنی جانتے ہیں۔ میں نے کہا بھئی فارسی تھوڑی سی پڑھی ہوئی ہے لیکن معلوم نہیں آپ کا نقطہ نگاہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا نام ہم نے رکھا ہے۔ صدام اس کے پاس صدام ہیں، nets ہیں۔ کبھی ایک دام پھینکتا ہے کبھی دوسرا دام پھینکتا ہے۔ کسی کو نہیں پتہ کب کونسا دام پھینکتا ہے۔ کہاں پھینکتا ہے کس کے ہاں پھینکتا ہے۔ ٹھیک ہے۔ لیکن میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ اس کو اتنی طاقت جو اس وقت اس کے پاس ہے۔ جمع کرانے میں کون مددگار ثابت ہوا۔ اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ موجودہ پوزیشن میں یعنی سابقہ جمعرات کی پہلے کی پوزیشن میں اس کو جو فوجی طاقت ملی ہے اس کی ساری ذمہ داری امریکہ پر ہے۔ اور پیسہ کس نے دیا۔ سعودی عرب اور کویت نے۔ ان دونوں کے ساتھ اس نے جو سلوک کیا، کسی نے کہا ہے کہ اتنی نیکی مت کرو کہ اس کے بعد آپ اس کی بدی کا مقابلہ نہ کر سکیں۔ لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ اس امریکہ نے، اس انگلینڈ نے، مسلمانوں کے ان دو قریبی دوستوں نے سب سے پیارے دوستوں نے اس شخص کو کیوں تیار کیا؛ کس نے تیار کیا کہ اس وقت تین کروڑ کے ملک ایران کے ساتھ جنگ میں مصروف تھا۔ ایران میں انقلاب آیا تھا۔ انہوں نے شہنشاہ کو نکال دیا تھا۔ اپنے طرز حکومت پر وہ کام کر رہے تھے۔ امریکہ بھی مخالف، روس بھی مخالف اور اس نے اچانک اس پر جنگ مسلط کر دی۔ ایران کیا چاہتا تھا۔ وہ یہی چاہتا تھا کہ تم اس کو کہو کہ یہ جارح ہے۔ اب تو یہ کہتے ہیں کہ وہ جارح ہے۔ اس وقت بھی یہ جارح تھا۔ لیکن چونکہ انہیں سوٹ نہیں کرتا تھا اس لئے اسے جارح نہیں

کہا۔ جناب اس کو فوجی طاقت بنانے میں major portion/major contribution امریکہ اور برطانیہ کا ہے۔ جب وہ جنگ ختم ہوگئی، خدا خدا کر کے مسلمانوں کا خون بہنے سے بچ گیا وہ الگ ہو گئے۔ صدام کو ہوش آیا کہ جو کچھ میں نے کیا وہ غلط کیا تھا۔ اسی ایران کا جو پرانا معاہدہ تھا انہی شرائط پہ وہ دستبردار ہوا۔ وہی شط العرب ان کے حوالے کر دیا۔ اور جنگ ختم ہوگئی۔ اس کے بعد کچھ events شروع ہوئے۔ اب کہا یہ جاتا ہے کہ سعودی عرب کو وہ نقشے دکھائے گئے۔ وہ فلمیں دکھائی گئیں۔ جس میں یہ بتایا گیا کہ ایران کے ٹینکوں کا رخ سعودی عرب کی طرف ہے۔ ایران کے توپخانے کا رخ سعودی عرب کی طرف ہو گیا ہے۔ یہ بچوں والی بات ہے۔ امریکہ بچوں والی باتیں کر کے سمجھتا ہے کہ ساری دنیا ہی بچہ ہے۔ سمجھتا ہے کہ ساری دنیا ہی بیوقوف ہے۔ یہ فلم بنانا کون سا مشکل کام ہے۔ توپوں کا رُخ جن پر لکھا ہوا تھا عراق۔ this gun belongs to Iraq اور یہ اس کی طرف منہ کر دیا۔ یہ بنانا کوئی مشکل نہیں۔ صحرا امریکہ میں بھی ہیں۔ وہاں نقشے لیے، وہاں فلمیں لیں۔ یہاں آکر سعودیہ کو دکھائیں۔ اگر یہ سچ ہے۔ مجھے اس میں بھی شک ہے۔ یہ بھی غلط ہے۔ یہ کوئی نہ کوئی معمولی بہانہ ہے۔ مجھے اچھی طرح سے یاد ہے ۲ر اگست سے پہلے جب گفت وشنید شروع ہوئی۔ مصر والے آئے۔ یہاں پر بیٹھے۔ باتیں شروع ہوئیں اور اس بات کا فیصلہ ہوا کہ گفت وشنید سے یہ مسئلہ طے ہو گا۔ ایک دو کنوؤں کا یا پانی کا جھگڑا یا ایک جزیرے کے کچھ علاقہ کا تنازعہ ہے۔ لیکن صدام صاحب کو صاف اشارے دیئے گئے کہ اگر تم اس کو (کویت) annex کر لو، اس کو تم conquer کر لو تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔ ہمیں کوئی شکایت نہیں ہوگی اور وہ خدا کا بندہ، آمر تو آمر ہوتا ہے اس نے یہ سوچا نہیں کہ آخر یہ اسلام کے بدترین دشمن اب کیوں مجھے یہ شہہ دیتے ہیں کہ اگر تم اس کو ہضم کرو،

اس پر تم حملہ کرو تو کچھ نہیں ہوگا۔ اس سے یہ حملہ کروایا گیا اور یہ صدام کی فراست کی ناکامی ہے۔ اگر اس وقت سوچتے، کہ میرے پاس اتنی طاقت ہے، جو اس وقت مظاہرہ کر رہے ہیں۔ الحمد للہ جو اس وقت مظاہرہ کر رہا ہے کہ اتنی طاقت میرے پاس ہے، اس کے بعد جب وقت اس کو سوچ آئی کہ اب تو میں نے اس کو ختم کر دیا۔ اپنے علاقے سے annex کر دیا۔ اب کیسے، دنیا کی جو نظریں خاص کر مسلم ممالک کی نظریں اپنی طرف سے کیسے موڑوں تو اس نے فلسطین یا اسرائیل کا مسئلہ اس میں شامل کر دیا۔ اچھا کیا، برا نہیں کیا مگر کاش، یہ پہلے سوچتے۔ کاش، کویت پر حملہ کرنے سے پہلے وہ اس کو ٹارگٹ بناتے۔ آج یہ لوگوں کا بنایا ہوا ہیرو پاکستان میں، چند دوستوں کا بنایا ہوا ہیرو، اس کے فوٹو تقسیم کرنے والے چند دوست، اگر مجھے اجازت ہو تو میں یہ بھی کہوں گا کہ چند mercenaries اس ملک میں فساد پھیلانے کے لیئے گڑبڑ پھیلانے کے لیئے، خرابی پیدا کرنے کے لیئے جو کام کر رہے ہیں اگر یہ آج کچھ نہ کرتا تو یہ صحیح ہوتا، آج ہم بھی اس کے لیئے آواز اٹھاتے، آج اور دوست بھی اس کے لیئے آواز اٹھاتے کہ عراق پر ظلم ہو رہا ہے۔ عراق نے بڑا اچھا نیک کام کیا۔ وہ جو ناسور تھا اس کو ختم کر دیا یا وہ جو ناسور تھا اس کا آپریشن کرنے لگا تھا تب ہم اس کے ساتھ ہوتے مسلم دنیا اس کے ساتھ ہوتی، جو تیسری دنیا ہے وہ اس کے ساتھ ہوتی اور وہ بالکل ہیرو بنتا لیکن اس آمر نے فراست سے کام نہیں لیا اس کے بعد امریکہ آگے بڑھتا ہے اور سیکورٹی کونسل سے جس طریقے سے یہ قرارداد پاس کرواتا ہے وہ آپ بھی جانتے ہیں ہم بھی جانتے ہیں کہ کس طریقے سے پاس کروائی sanctions نافذ ہو گئیں جناب جب اتنی sanctions سے بھی، زمین سے بھی، سمندری راستے سے بھی۔ کھانے پینے کی اشیا، اور ادویات کی رسائی کو بند کر دیا گیا یہ نہیں ہونا چاہیئے تھا کہ اس کو مزید مہلت دی جاتی۔ کیا یہی sanctions جنوبی افریقہ کے لیئے انفورس نہیں ہوئی

تھیں۔کب چڑھائی کی ہے برطانیہ نے،کب حملہ کیا امریکہ نے۔اب دونوں نے اپنی اپنی فوجیں اس کے قریب اتار دیں۔ان sanctions کے باوجود ہم آپ کے پاس آئیں گے کب deadline fix کروائی، یہ صرف عراق کے لئے ہوا کیونکہ وہ ایک مسلمان ملک ہے اس لئے کہ یہ مسلمان ممالک کے قلب میں واقع ہے۔ اس لئے کہ اس کے اردگرد جتنے مسلمان ممالک ہیں وہ اس سے ہٹے ہوں گے۔اس لئے کہ اس کے قریب تیل ہے۔اس لئے کہ اس کے قریب اسرائیل ہے اگر اس کو اتنی محبت تھی تو یہ ذرا موقع دیتا۔میرا دعویٰ ہے کہ نوبت جنگ تک نہ پہنچتی، حملے تک نوبت نہ پہنچتی اگر اینگلو امریکن بلاک کے ارادے نیک ہوتے۔ ایک دم قرارداد پاس کرنا میں تو بڑا کمزور آدمی ہوں اگر میں اکیلا بھی ہوتا میرے پاس فوج اور حکومت نہ ہوتی پھر بھی تلوار کی نوک پر اگر امریکہ مجھے کہتا یہ قبول کرو ورنہ میں آیا تو میں اس کو کہتا آؤ میں قبول نہیں کرتا،کسی کی غیرت یہ گوارا نہیں کرے گی۔ صدر بُش کی یہ موشگافیاں جو خود سی آئی اے کا سربراہ رہ چکا ہے کوئی بھی برداشت نہیں کرتا۔ ایسے نہیں ہوتا۔گفت و شنید کے راستے ایسے نہیں کھولے جاتے۔ ڈائیلاگ اس طریقے سے نہیں کیئے جاتے مگر افسوس کہ وہ اس بات پر تلا ہوا ہے اور یہ آمر یہ کبھی نہ سمجھ سکا کہ کوئی ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ اس پر حملہ نہ ہو اس کی فوجی طاقت کو محفوظ رکھنا میری رائے میں اسلامی ممالک کے مفاد میں ہے۔ اگر اس کی فوجی طاقت بلغیر اس کے محفوظ ہو جائے تو یہ اسلامی دنیا کے مفاد میں ہے اگر خدانخواستہ یہ ساری طاقت ختم ہو جاتی ہے تو پھر کئی سو سال لگیں گے، بڑی جدوجہد کرنی ہوگی،سارے مسلمان جدوجہد کریں گے۔امریکہ جس کام کے لئے آیا تھا اب اُس نے صاف کہہ دیا ہے کہ میں جانے والا نہیں ہوں۔یہاں پر میں قائم رہوں گا اور پھر یہ تیل پر قبضہ کر کے عرب ممالک سے کسی طریقے سے لیز حاصل کرے گا اور پھر وہ تیل جس قیمت پر جا کر

بیچے گا۔ وہ بھی تو ۳ ٹریلین کا قرضدار ہے۔ وہ اس سے اپنا قرضہ چکائے گا۔
اب جناب! میں یہ عرض کروں گا کہ اس سے اینگلو امریکی بلاک کو ایک اور مقصد حاصل ہوا ہے۔ تھوڑا عرصہ جنگ سے پہلے ایسے حالات بن گئے تھے کہ تقریباً سارے اسلامی ممالک اس خطے میں متحد ہونے لگے تھے، کچھ متحد ہوئے بھی تھے اور یہ چیز سامنے آرہی تھی کہ اب اسلامی ممالک کے اتحاد کے بغیر اسلامی ممالک کا تحفظ مشکل ہے خاص کر مشرقی یورپ میں جب حالات اتنی تیزی سے بدل گئے اور کمیونزم ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہوگیا تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ گوربا چوف جس کو گرگ بچہ کہتا ہوں اس نے کیا پالیسی اختیار کی۔ کیا وہ بش کا بھائی ہے۔ اس نے کون سی چال چلی ہے۔ آیا اس فرنٹ سے اپنی فوجیں اٹھا کر وہاں پیچھے لے جا رہا ہے، چین کے پاس لے جا رہا ہے، کوریا کے پاس لے جا رہا ہے اور مسلم ممالک کے پاس لے جا رہا ہے کیا چال ہے یہ تو فوجی صاحبان سمجھیں گے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس نے اپنی اتنی بڑی حکومت کو ٹکڑے ٹکڑے ہونے دیا۔ اور الحمدللہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا لیکن جہاں لیتھونیا اور دوسری جگہوں پر طاقت استعمال ہوتی ہے وہاں امریکہ چلا اٹھتا ہے، برطانیہ بھی چلا اٹھتا ہے، فرانس بھی چلا اٹھتا ہے، ہائے ہائے ہائے عیسائیوں پر ظلم ہوگیا۔ لیکن جب وہ آذربائیجان پر اپنی ساری فوجی طاقت سے دباؤ ڈالتا ہے تو کہتے ہیں۔ شاباش یہ صحیح ہے، ان مسلمانوں کو مارو۔ جب مسلمانوں کو اس کا احساس ہوگیا تو پھر اس کو خطرہ پڑ گیا کہ اگر یہ مسلم ممالک ایک ہوگئے تو۔ Crusade wars والے حالات پیدا نہ ہو جائیں۔ اگر نہیں ہوئے تو انشاءاللہ ہو جائیں گے۔ اب دنیا بٹ رہی ہے، سپر طاقت ایک طرف ایک رہ گئی ہے، دنیا مسلم اور غیر مسلم میں بٹ رہی ہے۔ اس میں کچھ غیر مسلم تو ساتھ نہ دیں گے مگر ان کی یہ کوشش ہوگی کہ پھر وہ حالات بن جائیں۔ کبھی fundamentalism کا بہانہ لیتے ہیں کبھی کہتے ہیں fundamentalists آئے ہوئے ہیں۔ کبھی افغانستان کے مسئلے کو بگاڑتے

ہیں کبھی کس طرح کرتے ہیں۔یہ اس چیز پر لگے ہوئے ہیں تو جناب والا! اس میں جب اس نے یہ دیکھا تو اس حملے سے اس کا یہ مقصد بھی حاصل ہوا کہ اس نے اسرائیل کو اس حملے سے بچایا۔ صدام کو اس پر حملہ کرنا چاہیئے تھا۔اس نے سارے آئل کے منبع پر یا کنوؤں پر یا ایریا پر مکمل قبضہ کر لیا۔اب اس کو پاکستان سے اڈے مانگنے کی ضرورت نہیں ہے۔اڈے مانگنے کے لیئے وہ خود بخود بہ نفس نفیس آگیا ہے اور تیسری چیز اسلامی بلاک کو بظاہر دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا ہے ۔ اب یہ ٹکڑے پھر کب ملتے ہیں اس میں بڑا وقت لگے گا مگر انہیں یہ تینوں مقاصد بالکل صاف اور صریح طور پر حاصل ہو گئے ہیں اور اس کو وہ آگے بھی بڑھائیں گے ۔

جناب والا! میں یہ کہوں گا کہ اینگلو امریکین بلاک اور اس کے دیگر اتحادی جو کچھ کر رہے ہیں وہ انسانیت کے خلاف ہے ۔ انسانی ضمیر کے خلاف ہے، ساری دنیا کے خلاف ہے اور خاص کر مسلمان ممالک کے اور مسلمانوں کے خلاف ہے۔وہ اس بات پر کمر بستہ ہے کہ اسلام کی طاقتوں کو ختم کرے، جتنا ہو سکے مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے اور اس کے لئے وہ کام کر رہے ہیں اور بڑا افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ ہمیشہ جب مسلمانوں کی حکومتیں آتی ہیں تو کوئی نہ کوئی مسلمان حکومت ان کو خراب کرنے کے لیئے عیسائیوں کے ساتھ مل جاتی ہے۔جناب اس پر مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ سابقہ وزیر اعظم نے امریکہ میں جاکر جو بیان دیا ہے جو بیان داغا ہے اور بش کی جتنی تعریف کی ہے وہ میری نظر میں ایک پاکستانی کے لیئے مناسب نہیں ہے۔وہ بیان تو میں نے اتنا کہا کہ بش کی تعریف کی ہے مگر اس نے اس سے بھی زیادہ کہا ہے اور پھر جب وہ نیو یارک پہنچی ہے تو کس نے اس کا استقبال کیا ہے۔اسی ایجنسی نے جس نے اس کو ۲ دسمبر کو یہاں تخت پر بٹھایا تھا۔ایسے لوگ بھی ہم میں سے ہی ہیں۔اسی قسم کے لوگ تو ہندوستان میں بھی تھے، حیدر آباد میں بھی تھے۔اسی

قسم کے لوگ تو جنگ پلاسی میں بھی شامل تھے۔اسی قسم کے لوگ دارا کے پاس بھی تھے۔جناب ایسے لوگ وہ کوشش کر کے پیدا کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب جاوید جبار صاحب۔

Mr. Javed Jabbar: Sir, expressing the views on one's statement is all right, to take exception to it, but to impute motives of lacking in patrionism or national commitment to distinguished leaders, leaders in the political field, is improper and against the Rules of Procedure.

جناب چیئرمین: بہرہ ور سعید صاحب کہتے ہیں کہ ان کی طرف — motives attribute نہ کریں ویسے جو مرضی آپ کہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: یہ motive تو صاف نظر آرہا ہے۔میں کیوں نہیں کہتا کہ بش بڑا نیک آدمی ہے۔بڑا زبردست پالیسی وان ہے بڑا اچھا کام کر رہا ہے۔بڑا نیک آدمی ہے۔میں کیوں نہیں کہتا میں بھی تو پاکستانی ہوں اگر یہ پاکستانی نہ ہوتی تو میں ان کا نام نہ لیتا۔اگر جاوید جبار صاحب اس سے انکار کرتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے۔

I withdraw my words.

اگر وہ انکار کرتے ہیں کہ پاکستان کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

Then I withdraw may words.

جناب جاوید جبار: صاحبزادہ یعقوب خان بھی صدر بش کی تعریف کرتے ہیں ان کی بھی بات کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں اس پر آرہا ہوں ابھی آپ نہیں تھے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے آپ کوشش کریں کہ بات ذرا مختصر ہو۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! ایک محرک نے ایک کولیشن کا ذکر کیا تھا یہاں دو کولیشنز ہیں۔ایک اینگلو امریکن اتحاد کولیشن ہے جو کہ گلف میں کام

کر رہا ہے اور ایک کولیشن پاکستان میں ہے کہ عجیب عجیب اس میں عناصر جمع ہو گئے ہیں لیکن وہ بھول جاتے ہیں کہ ۲ دسمبر کو جو کولیشن یہاں تھی اس کی کوئی نظیر دنیا میں نہ تھی۔ کیا وہ کولیشن بذات خود بے نظیر نہیں تھی۔ کن عناصر سے بنائی گئی تھی، کس نے یہاں اس کے لئے کام کیا۔ سٹیفن کا کردار کیا تھا، وہ بھول گئے

میں یہاں اس بات کو ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ اس وقت کا ایک اہم این اے جو بہت ذمہ دار شخص تھا اس نے مجھے کہا کہ جب اس وقت حکومت بن رہی تھی تو میرے پاس ہندوستان کے سفیر کی بیگم آئی اور مجھے کہا کہ آپ بے نظیر بی بی کا ساتھ دیں، میں تمہیں فنانس منسٹری دلا دوں گی۔ وہ بندہ زندہ ہے اور وہ بڑی ذمہ دار شخصیت ہے اور یہ بات انہوں نے مجھے سنائی اور دوستوں کو بھی سنائی تو یہ اس وقت اس کولیشن کا ذکر نہیں کرتے جس نے بنوائی، یہ تو ہم نے بنائی، ہم نے اس کے نام سے الیکشن لڑے۔ ہم نے اس کے نام سے بے نظیر کو وہ شکست دی جو بے نظیر خواب میں بھی نہیں دیکھ سکتی تھی۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے آپ ذرا اختصار سے کام لیں۔

(مداخلت)

اخونزادہ بہرہ ورسعید: جناب! میرے دوست کو اس پر اعتراض ہے تو ٹھیک ہے میں اس سبجیکٹ کو چھوڑ دیتا ہوں۔ جناب میں اب عرض کر رہا ہوں اس میں جو پاکستان کا رول ہے وہ کیا ہے۔ پاکستان کو کیا رول ادا کرنا چاہیئے اس پر میں گزارشات کر کے پھر اپنی تقریر کو ختم کروں گا۔ آپ کے حکم کے مطابق جناب یہ تو ایک مسلمہ امر ہے کہ ہر ملک اپنی خارجہ پالیسی کو ترتیب دیتے وقت اپنی ضروریات اور مفادات کو مدنظر رکھتا ہے۔

Dr. Mahbubul Haq: Point of order Sir, I don't wish to interrupt the distinguished Senator but I just want to point out through you that some of us want to move a

resolution also on the subject. What are your plans? Whether the debate will be limited now by the subsequent speakers, whether there is a possibility that the resolution will come up today? Because the resolution will be relevant only if we are able to discuss it today and to pass it.

جناب چیئرمین: جی ممبران کا کیا خیال ہے کہ ٹائم لمٹ کرنا شروع کر دیں۔ محمد علی صاحب آپ کا کیا خیال ہے۔اب تقریر پر کوئی پابندیاں عائد کی جائیں۔

Mr. Muhammad Ali Khan: It would not be possible when there are so many speakers about 13/14. So, I think we will be in a position to finish the debate on Tuesday.

جناب چیئرمین: آپ کا کیا خیال ہے۔

جناب جاوید جبار: سوموار کر لیں۔

سید فصیح اقبال: آپ کو پتہ ہے کہ ہمارے مقرروں میں سے ماشاء اللہ چند ایسے ہیں جو کافی ٹائم لیتے ہیں باقی تو ٹائم لیتے ہی نہیں۔

جناب چیئرمین: قاضی حسین احمد صاحب آپ کا کیا خیال ہے۔

قاضی حسین احمد: میں سمجھتا ہوں کہ آپ آئندہ کے لیئے وقت پر پابندی لگا دیں۔ میں خود بھی اس میں شامل ہوں اس لیئے میں خود تجویز کرتا ہوں کہ جو لوگ بات کرنا چاہتے ہیں آپ ان کو موقع تو دیں لیکن وقت پر آپ پابندی لگا دیں ایک رکن زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ بول لے۔ مطلب یہ ہے کہ ساری باتیں اور تجزیہ تو آچکا ہے تجزیہ کرنے کی اب مزید کوئی ضرورت نہیں ہے صرف جو مؤقف ہے اس کو تقویت پہنچانا ہے۔ اس کے لیئے تجاویز دے سکتا ہے۔

جناب چیئرمین: لیکن ایوان کی رائے یہی ہے کہ اس ڈبیٹ کو آج زیادہ لمبا نہ کریں۔

Dr. Mahbubul Haq: Mr. Chairman, if I may have

your indulgence to suggest that if it is necessary a session should be held this afternoon also. Because while Iraq is burning, I think, it is important that we should debate a resolution in this House and make a contribution today.

جناب چیئرمین: آپ ممبروں سے صلاح ومشورہ کرلیں۔ if that is your perception.

Dr. Mahbubul Haq: We should not delay it Mr. Chairman, I think, it is very very important that we should do it and particularly we are also suggesting to our Prime Minister who is on a peace mission and I think it will be timely relevant that we should debate this today and I would urge that another session may be held in the afternoon so that we can complete this process.

جناب چیئرمین: جاوید جبار صاحب آپ کی کیا رائے ہے۔

Mr. Javed Jabbar: I would endorse that proposal Mr. Chairman, except that a number of Senators have assumed that there will be no afternoon sitting and, therefore, have eitner already left or will not be probably able to attend in the afternoon sitting. You could consider closing this debate by 1.30 p.m. today and requesting members to shorten their speeches.

جناب چیئرمین: بہرہ ورسعید صاحب آپ اور کتنا وقت لیں گے۔ پانچ منٹ۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید: پانچ منٹ بالکل کم ہیں۔ میں ایک چیز آپ سے عرض کروں اگر اس سے پہلے یہ فیصلہ ہوتا کہ وقت پر پابندی ہونی چاہیئے اور time limit ہوتی تو پھر تو ٹھیک تھا۔ جب اوروں کو موقع دیا گیا ہے تو مجھ پہ آپ پابندی لگائیں گے۔ محبوب الحق صاحب یا قاضی صاحب لگائیں گے تو میں اس کو ہرگز نہیں مانوں گا۔ میں آپ کا حکم مانوں گا اور اس وقت مانوں گا اور بیٹھ جاؤں گا۔

جناب چیئرمین: چونکہ اس وقت پابندی نہیں لگی میں حکم جاری نہیں کرتا صرف درخواست کروں گا کہ سمیٹنے کی کوشش کریں۔

قاضی حسین احمد: میں عرض کروں گا کہ میں نے ان پر پابندی لگانے کی بات نہیں کی۔ میں نے خود اپنے اوپر پابندی قبول کی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید: ٹھیک ہے جی۔

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر، حضور والا! یہ بار بار تکرار ہو رہی ہے۔ یہ مقرر پہلے بھی گلف پر بول چکے ہیں آپ نے ہمیں سپیشل اجازت دی تھی آئندہ کے لئے میں عرض کروں گا کہ محرک کو آدھا گھنٹہ دیں اور بقایا کو پندرہ منٹ دیں تو کام چلے گا۔ اس طرح نہ کریں کیونکہ آدمی گھنٹوں بولے اور دوسرے کو موقع بھی نہ ملے۔

جناب چیئرمین: یہ ڈبیٹ ذرا out of time limit ہوگئی ہے۔ ویسے قاعدہ یہ ہے آئندہ کے لئے آپ اس کو ذہن میں رکھیں کہ دس منٹ کی تقریر ہوگی یہ رولز میں لکھا ہوا ہے۔ یہ کہاں لکھا ہوا ہے کہ محرک کو آدھا گھنٹہ ملے گا۔ بہرہ ور صاحب آپ جاری رکھیں اور سمیٹنے کی کوشش کریں۔

جناب جاوید جبار: جناب چیئرمین صاحب آپ کا اندازہ کیا ہے کہ آج ڈیڑھ بجے تک آپ ختم کریں گے؟

جناب چیئرمین: دیکھیں میرا اندازہ تو آپ کا اندازہ ہے کیونکہ میں بھی یہیں بیٹھا ہوں آپ بھی بیٹھے ہیں۔ کوشش کرتے ہیں۔

اس وقت میرے پاس جو لسٹ ہے اس میں تو گیارہ بارہ اراکین کے نام ہیں لیکن سارے موجود بھی نہیں ہیں۔ میرے خیال میں طارق چوہدری صاحب کی ایک speech ہوگی اس کے بعد کوئی لمبی تقریر مجھے نظر نہیں آرہی ہے۔ جی جناب بہرہ ورسعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید: جناب مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ دوستوں نے دو دو گھنٹے تقریر کی ہے۔ مجھے تو ابھی پندرہ منٹ بھی نہیں ہوئے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر بشارت صاحب آپ پر بڑی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی

ہے آپ ان کے قریب بیٹھے ہیں ۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید ۔ ڈاکٹر صاحب نے صدر صاحب کی تقریر پر اس مسئلے پر بحث کی پھر اس کے بعد آپ کے پاس جو زائد وقت تھا اس میں بحث کی پھر کل بھی کی ۔ سب کو ملائیے کتنا وقت بنتا ہے ۔

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا ! گزارش یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنا ما فی الضمیر تو ضرور بیان کرنا چاہیئے اور ان کو موقع بھی دینا چاہیئے لیکن میں اتنی گزارش کروں گا کہ اس فیاضی میں زیادہ اسراف نہ کیا جائے ۔

جناب چیئرمین : صحیح ہے جناب ۔ جی بہرہ ورسعید صاحب ۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید : ٹھیک ہے جناب ہر ایک کا اپنا اپنا نقطہ نگاہ ہے میں تو سمجھتا ہوں یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے اس میں پاکستان کا interest بہت زیادہ involve ہے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ میں کیسے خاموش رہوں ۔

میری دنیا جل رہی ہو اور میں خاموش رہوں ۔

جناب میں عرض کر رہا تھا کہ پاکستان کی جو جغرافیائی پوزیشن ہے اس کی جو اہمیت ہے ۔ اس کا جنگ کی بنا پر پاکستان پر گہرا اثر پڑ رہا ہے ۔ سب سے پہلے ہم نے دیکھا وہاں گلف میں جنگ ہوئی تو اس کا اثر یہاں ہر ایک چیز پر ہوا ۔ یہاں پٹرول پر اثر پڑا اور پٹرولیم کی مصنوعات پر اثر پڑا اور ساری چیزیں مہنگی ہوگئیں ۔ ابھی جنگ کے آثار نہیں تھے ابھی سی آئی اے والوں کے دماغ میں یہ چیز تھی اور ہمارے ایک پاکستانی نے جا کر ان کے کانوں میں یہ کہہ دیا کہ پاکستان تو ایٹم بم بنا رہا ہے ۔ پھر جناب یہ جسے AID کہتے ہیں جو AID نہیں ہے قرضہ ہے بند کر دی گئی ۔ دوسرے ممالک کو بھی ہدایت کی گئی کہ پاکستان کی امداد بند کر دی جائے ۔ کیا چاہتے ہیں وہ ممالک اور امریکہ ؟ پاکستان ایک ایسا ملک ہے اور ایک ایسے خطے میں واقع ہے کہ اس خلیج فارس کی جغرافیائی حدود اس کے ساتھ ملی ہوئی ہیں، اس کے تعلقات ایران کے ساتھ کیسے ہیں، سعودی عرب کے ساتھ

کیسے ہیں اور دیگر مسلم ممالک کے ساتھ کیسے ہیں، ان پر کیا اثرات پڑے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اس میں مبالغہ نہیں کروں گا اور دعوے سے کہوں گا کہ عراق کی طاقت کو ختم کر کے اس کی nuclear capability کو destroy کرنے کے بعد۔ اگلا اگر کوئی ٹارگٹ ہے تو وہ پاکستان ہے جو امریکہ کے دل پر ایک بڑا داغ ہے۔ کیونکہ اگر اس کے پاس hucloar capability ہے اور وہ اس کو develop کر کے، حالانکہ ہم نے انہیں یہ یقین دلانے کی بار بار کوشش کی ہے ہمارے لیڈروں نے ہر جگہ یہ کہا ہے کہ ہم بم نہیں بنا رہے ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں اور نہ ہی ہم اس کے اہل ہیں اور نہ ہی خواہشمند ہیں مگر وہ کہتا ہے اسلامک بم۔ اس نے کبھی نہیں کہا کہ یہودی بم جو کہ وہ بنا چکے ہیں۔ فرانسیسی بم جو وہ بنا چکے ہیں کبھی نہیں کہا۔ میں ہی مسلمان ہو کر بناتا ہوں حضور اسی لیئے میں دوسرا ٹارگٹ ہوں اور اس ٹارگٹ کو آسان کرنے کے لیئے ہماری جتنی بھی اہلیت ہے اس کو اگر وہ ختم نہیں کر سکے تو کمزور ضرور کر رہے ہیں۔ شاید امریکہ کے ڈالر ہمیں پہنچتے ہیں جو ۱۰۰ میں سے ہمیں 25 ہی ملتے ہیں 50 وہ خود ہضم کر لیتے ہیں۔ 25 ہمارے بیوروکریٹس ہضم کرتے ہیں یا ٹھیکیدار ہضم کرتے ہیں اور بقیہ 25 کچھ اور جگہوں پر خرچ ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی دوسرا ملک دے تو امریکہ اس کو بھی ختم کرا دیتا ہے غلے، چینی اور دوائیوں کی مہنگائی یہ سب شروع ہو گئی ہے۔ اسرائیل اس کے لیئے تیار بیٹھا ہوا ہے کس کے ساتھ؛ ہندوستان کے ساتھ جو ہمارا ازلی دشمن ہے۔ میں بھی اگر خدا نے مجھے طاقت دی ہوتی اور میں نیوکلیئر بم بنا سکتا تو میں اعلانیہ کہتا کہ میرے پاس ہے اور اگر میری گورنمنٹ کے پاس ہے تو خدارا اعلان کیجیئے یہ بڑی deterrent ہے۔ سوچنے لگیں گے لوگ۔ عراق کے بعد پاکستان کے خاتمہ کے لیئے سوچیں گے۔ وہاں سے یہودیوں کے پائلٹ آئیں گے۔ ہندوستان پہلے ہی موجود ہے وہ یہاں آکر اس کو ختم کرنے کی کوشش کریں گے اور ہندوستان یہ چاہتا ہے کہ پاکستان پھر اس کا اٹوٹ انگ بن جائے۔

جناب! پاکستان کے لئے جو خطرات ہیں اور جو اس وقت وہ رول ادا کر رہا ہے میرے کچھ دوستوں نے اس کی وضاحت نہیں کی کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی بنانے والے کون ہیں؟ ان کا ٹارگٹ صاحبزادہ یعقوب خان صاحب بنا۔ اتنا بھی ہم نہیں سوچتے کہ وہ پالیسی بنانے والا نہیں ہے۔ پالیسی بناتی گورنمنٹ ہے اس کو وہ عمل میں لاتا ہے۔ سابقہ دور میں تو اس کے ساتھ تین یعقوب خان اور لگائے گئے تھے۔ اخوند کو بلایا، پھر کسی اور کو بلایا، پھر کسی لیڈی کو بنایا، چار کام کرتے رہے یکن کشمیر کے لئے کیا کیا

جناب والا! پاکستان اس میں بہت deeply involved ہے پاکستان اس سے الگ تھلگ نہیں ہو سکتا۔ اگر کوئی شخص بھی یہ سوچے کہ پاکستان اس سے الگ تھلگ ہو سکتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یا تو عملاً غلط کہتا ہے یا پھر اس مسئلے کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتا۔

جناب عالی! اعتراض کیا جاتا ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی یا خارجہ آدمی نے کچھ نہیں کیا۔ دفتر خارجہ میں وہ کیا کرے۔ آپ کے لئے ایٹم بم بنا دے، ہوائی جہاز بنا دے، بھائی جو پالیسی آپ بنا کر دیتے ہیں اسی کو execute کرتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ he is doing his best

ڈاکٹر بشارت الہیٰ: ہم تو نہیں بناتے ہیں کیسے کہتے ہیں آپ . . . ۔

اخوندزادہ بہرہ ور سعید: جناب آپ بناتے ہیں، آپ کے نمائندے بناتے ہیں، آپ نے جو حکومت منتخب کی ہے وہ بناتی ہے۔ یہ مشترکہ ذمہ داری ہے۔ یہ ایک فرد کی نہیں ہے آپ جانتے ہیں آپ کی یہ imported جمہوریت ہے اس میں یہ ہے کہ this is a joint responsibility

ڈاکٹر بشارت الہیٰ: پھر گورنمنٹ کو condemn کریں آپ . . .

اخوندزادہ بہرہ ور سعید: میں condemn کیوں کروں۔ میں تو نہیں کر رہا۔

پر ہوتیں یہ ہمارا فرض تھا جس کا پورا کرنا ضروری تھا۔

جناب پھر امریکن ہماری حکومت پر یقین کیوں نہیں کرتے۔ ہم تو کرتے ہیں دشمن اور مخالف نہیں کرتے۔ وہ سمجھتے ہیں موقع مل گیا ہے۔ آؤ صدام کا بہانہ لے لو اور تختہ الٹ دو۔ یہ خواب پورا نہیں ہو گا۔ گئے آپ ہمیشہ کے لیئے گئے جناب والا! ایسی چیز نہیں ہے اس مسئلے کو اس طرح سے tackle نہیں کیا جاتا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ساری فوجیں بھیجنی چاہئیں تھیں اگر ہندوستان کا خطرہ نہ ہوتا۔

<u>جناب چیئرمین</u>: اب ذرا وائنڈ اپ کریں۔ آپ کے main points تو آگئے ہیں۔ آپ کی بنیادی باتیں آگئی ہیں۔

<u>اخونزادہ بہرہ ور سعید</u>: میں اس کو ذرا اور بڑھا لوں۔ جناب میں اس پر یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہماری خارجہ پالیسی میں اس وقت بڑی لچک ہے۔ وہ کسی وقت بھی تبدیل کی جا سکتی ہے اور اس process میں ہے کسی ملک کی خارجہ پالیسی کسی ایک جگہ پر رکی ہوئی نہیں ہوتی۔ جناب والا! اب میں یہ نہیں سمجھتا کہ اس ملک میں اس شخص کے لیئے آوازیں اٹھائی جا رہی ہیں۔ اس کے لیئے جلوس نکالے جا رہے ہیں۔ اس کے لیئے موٹروں پر فوٹو چسپاں کیئے جاتے ہیں۔ اس کے لیئے طرح طرح کی کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ کیوں؟ یہ میں پوچھتا ہوں۔ یہ عوام بھی عجیب ہیں۔ جناب والا! ۱۹۴۷ء میں یا ۱۹۴۶ء میں لاہور میں جلوس نکلا ہوا تھا۔ ہم سب اس جلوس میں جا رہے تھے۔ نعرے لگا رہے تھے۔ خضر مردہ باد خضر مردہ باد۔ اتنے میں خبر آئی کہ خضر نے استعفیٰ دے دیا۔ کسی نے کہا کہ خضر نے استعفیٰ دے دیا اب وہ ہمارا بھائی ہے۔ کہنے لگے خضر ہمارا بھائی ہے، ابھی ابھی خبر آئی ہے، خضر ہمارا بھائی ہے۔ یہ ہمارے دوست ہیں لیکن وہ لوگ، جناب میں صاف کہتا ہوں جو امریکہ کے پروردہ ہیں۔ وہ لوگ جن کو امریکہ نے پیدا کیا ہے۔ وہ لوگ جن کو

جناب چیئرمین : جناب آپس میں بات نہ کریں please address the chair

اخونزادہ بہرہ ورسعید : جناب اس سلسلے میں پاکستان سے سعودی عرب نے درخواست کی کہ فوج بھیجیں۔ کتنی بھیجی ہے؟ میں سمجھتا ہوں یا میرے اندازے کے مطابق تقریباً گیارہ ہزار ہے۔ کیا یہ گیارہ ہزار عراق کا مقابلہ کرنے کی اہلیت رکھتی ہے کیا یہ گیارہ ہزار اس میں شامل ہو کر ان کی طاقت کو تقویت پہنچاتی ہے یا نہیں ؛ لیکن جس ملک کو ہم نے یہ فوج بھیجی ہے تو اس ملک کے کردار کا جائزہ لیں۔ جب سے پاکستان بنا ہے عراق کے پاکستان سے تعلقات کیسے رہے اور جس ملک کے حاکم کو، لیکن میں نے جو جناب تقریر کی اس میں اُس آمر صدام کا فرق کیا میرے نزدیک عراق کے عوام بے گناہ ہیں لیکن میرے نزدیک صدر صدام حسین بے گناہ نہیں ہے۔ اور جناب ہم نے اگر وہاں فوجیں بھیجیں اور ہم نے وہی کام کیا جو ایک غیرت مند اور باشعور قوم سے توقع تھی۔ کونسی مصیبت ہم پر آئی اور سعودی عرب نے ہماری مدد نہیں کی۔ میں ایک مثال دوں مشرقی پاکستان ہم سے علیٰحدہ کروایا گیا وہ بھی امریکہ کی مہربانی سے ہندوستان سے مل کر ہمارے ہاں کے صادق اور جعفر کو ساتھ ملا کر وہ ہم سے علیٰحدہ کروایا گیا! لیکن جناب والا۔ جب ہم نے اس حکومت کو (بنگلہ دیش) تسلیم کیا تو ہمارے بعد سعودی حکومت نے اس کو تسلیم کیا۔ اتنے وہ ہم سے گھل مل گئے۔ کیا آپ بھول گئے ہیں وہ حرمین شریفین کے خادم ہیں۔ وہاں یہ ہمارا کعبہ ہے، وہاں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار ہے۔ کیا اس کا تقدس لوگ پامال کریں اور ہم دیکھتے رہیں۔ ہم نے اگر فوجیں بھیجی ہیں تو بہترین کردار ادا کیا ہے یہ تھوڑی ہے لیکن کاش ہمارے ازلی دشمن کی افواج ہمارے سروں پر کھڑی نہ ہوتیں جو کہ اس وقت red light پر ہے red light پر وہ بھی الرٹ ہے اور ہم بھی ہیں۔ کسی وقت وہ ہم پر حملہ آور ہو سکتا ہے۔ اگر یہ نہ ہوتا تو ہماری ساری فوجیں سعودی عرب کے بارڈر

امریکہ نے پالا ہے ۔ وہ لوگ جو عراق میں جاکر خوب کماکر یہاں آتے ہیں۔
وہ لوگ جو عراق کے through ہندوستان میں آکر وہاں سے پیسہ لاتے ہیں۔ یہ
ایک بدقسمت ملک ہے ۔ جس میں ہر ایک اپنا راستہ ڈھونڈتا ہے ۔ پاکستان
اس کو عزیز نہیں ہے یہ غلط ہے ۔ میں یہ سمجھتا نہیں ہوں، میں یہ پوچھتا ہوں اگر
جہاد ہے ۔ اگر کوئی جہاد کے لئے عراق میں جاتا ہے ۔ جہاد اگر فرض ہے جناب والا!
میں آپ کی وساطت سے ان سے درخواست کروں گا کہ خدارا! افغانستان
تشریف لے جائیے ۔ بہت نزدیک ہے یہ بھی تو مسلمان ہیں ۔ خدارا کشمیر جائیے
وہاں بھی تو ہندو ان کو مار رہے ہیں ۔ اگر آپ کو جہاد کا شوق ہے ۔ شہادت
کا شوق ہے تو جائیے ۔ لیکن ان کو شہادت کا شوق نہیں ہے ۔ یہ مروانے کی
فکر میں ہیں، مارے نہیں جائیں گے ۔ کوئی دارالعلوم کی شکل میں پیسے بٹور
کر یہاں آکر یہ کوشش کر رہا ہے ۔ لیکن ان کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اس وقت
کی حکومت unpopular حکومت نہیں ہے ۔ وہ Placement Bureau والی
حکومت نہیں ہے ۔ وہ letter والی حکومت ہے ۔ وہ نوازشات نہیں کرتے ۔
وہ ten percent والی حکومت نہیں ہے ۔ یہ آئی جے آئی کی حکومت ہے جس
میں مسلم لیگ پاکستان کی خالق جماعت ایک عظیم رکن ہے، اس کی حکومت ہے ۔
اس کو نقصان پہنچانا اتنا آسان کام نہیں ہے ۔ ان حربوں سے باز آجائیں ۔ میں ان
سے درخواست کرتا ہوں ۔ خدارا ان حربوں سے باز آجائیں ۔ یہ چیزیں ختم کردیں۔

آخری بات یہ کروں گا جناب کہ اب ہوش آئی ہے ہمارے دوستوں کو کہ ۔
پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلائیں ۔ کوئی بری بات نہیں ۔ اچھی بات ہے لیکن ۔
آپ کو بھی یاد ہے جناب والا! کشمیر کے مسئلہ پہ ہم نے مشترکہ اجلاس بلایا اور
اس کو دو گھنٹے چلنے نہیں دیا ۔ دو گھنٹے رہنے نہیں دیا ۔ اب ان کو آسمان ۔
سے کچھ revelation ہو گیا اور یہ ایک بے نظیر revelation ہو گئی کہ اب ۔
جائنٹ سیشن کی ضرورت ہے ۔ جناب والا! اور اس کے بعد کہتے ہیں کہ سب

پارٹیوں کو جمع کریں۔ کتنے ہم چلائے کتنی کوشش کی گئی۔ اس ملک میں کتنے لوگوں نے آوازیں اٹھائیں۔ اس ملک کے سندھ کے معاملہ پر، امن وامان کا معاملہ سب پارٹیوں پر نافذ ہونا چاہیئے۔ اس کان سے سنا اور اس کان سے نکال دیا۔ اب کیسے ان کو سوجھ آئی۔ صدام جس نے ہمیشہ پاکستان کی مخالفت کی ہے جو اب بھی ہندوستان کا دوست ہے۔ اس نے کشمیر کی مخالفت کی ہے۔ اس نے افغانستان کی مخالفت کی ہے جو ہمیشہ ہندوستان کے ساتھ ہے۔ اب بھی اس کے علاقے میں ہندوستان کے پانچ سو مشیر ہیں جو اس کے ساتھ یک جان اور دو قالب ہیں۔ اس کی یہ تصویریں باہر نکالتے ہیں۔ عوام کے لئے نہیں ہے۔ یہ کچھ اپنے مفادات کے لئے ہیں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ خدارا اس شخص صدام کو پہچانیئے۔ عراقیوں کو نہیں صدام کو پہچانیئے۔ یہ پاکستان کا دوست نہیں ہو سکتا۔ یہ پاکستان کا دشمن ہمیشہ رہا ہے اس کے بڑے بڑے ثبوت ہیں۔ اور جو کوئی اس کو defend کرے گا میں کہوں گا کہ وہ پاکستان کے حق میں نہیں کرے گا۔ اپنے مفادات کے لئے کرے گا۔ اس کے لئے ایسا [illegible] نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! ۱۰ جنوری کو سینیٹ میں واحد اپوزیشن ممبر اور اس کے ساتھ ہمارے بعض دوستوں نے یہ تحریک پیش کی کہ پرائیویٹ ممبرز ڈے کو ڈیفر کرنے کے لئے رولز کو معطل کیا جائے تاکہ گلف کی صورتحال پر بحث کی جائے۔ حکومتی پارٹی کے بعض ممبر نہیں چاہتے تھے کہ وزیر اعظم کی تقریر جو اسی دن ہونے والی تھی۔ اس سے پہلے یہ بحث شروع ہو لیکن سینیٹ نے اپنے روایتی کردار کو جاری رکھا اور اس نے اپوزیشن ممبر کی اس تحریک کو قبول کیا اور یہاں پر بحث شروع ہوگئی۔ مجھے توقع ہے کہ ہمارے یہ فاضل

دوست سینیٹ کے افتخار کو جو پچھلے ۶ برس سے قائم ہے اپنی لیڈر تک بھی پہنچا سکیں گے۔ پھر انہوں نے اپنی تقریر کے آغاز میں ذکر کیا کہ اس وقت ایک مخلوط حکومت ہے۔ ۹ جماعتوں کی مخلوط حکومت ہے۔ اور اس مخلوط حکومت کی تین جماعتوں کا نقطۂ نظر اس ایشو پر ایک جماعت سے مختلف ہے اور اس پر انہوں نے کافی تان توڑی پھر انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ یہ مخلوط حکومت اپنے اندر اپنے نقطۂ نظر میں ہم آہنگی پیدا نہیں کر سکی۔ اس پر انہوں نے کافی زوردار باتیں کیں۔ انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ سعودی عرب سے فوجیں واپس بلائی جائیں۔ امریکہ کی مذمت کی جائے۔ پاکستان کی پالیسی تبدیل کی جائے۔ تو یہ تو تھی ۹ پارٹیوں کی حکومت۔ اب یہ باتیں جو میں نے دہرائی ہیں وہ ہمارے فاضل ممبر کی کہی ہوئی باتیں ہیں۔ اب یہ ایک ہی پارٹی کی صورت حال دیکھیے، انہوں نے کہا فوجیں بھی واپس بلائیں، ہماری پالیسی بھی غلط ہے، امریکہ کی مذمت بھی کریں اور یہ سارا کچھ مگر یہ انہوں نے تقریر کی ۲۰ تاریخ کو اور یہاں پر اپوزیشن کی لیڈر اور خود ان کی پارٹی لیڈر کی باتیں سنئے وہ فرماتی ہیں۔ سعودی عرب کی علاقائی سالمیت کا دفاع پاکستان کا فرض ہے۔ صدر بش نے مسئلہ کے حل کے لئے ہر ممکن کوشش کی۔ تاہم ان کے پاس فوجی اقدام کے علاوہ کوئی اور راستہ باقی نہیں رہا تھا۔ جناب کس کا یقین کیجئے کس کا نہ کیجئے کہ اب ہم اس بارے میں اپنے فاضل دوست کے نقطہ نظر کو درست سمجھیں یا ان کی پارٹی کی قائدہ کے نقطہ نظر کو درست سمجھیں ہم۔ ۹ پارٹیوں کو اختلاف رائے پر طعن تو دیتے ہیں۔ کیا یہ اپنی ٹائی تھوڑی ڈھیلی کر کے ذرا گریبان میں جھانکنا پسند کریں گے۔ تو کس کے نقطہ نظر کو ہم قبول کریں۔

اب جناب اس کے بعد میں براہ راست خلیج کی صورتحال پر آتا ہوں۔ میں فاضل سینیٹر قاضی صاحب کی اس رائے سے اتفاق کرتا ہوں کہ جو باتیں ہو چکی ہیں ان کو نہ دہرایا جائے اور اس ضمن میں ڈاکٹر بشارت الہیٰ صاحب

اور پروفیسر خورشید صاحب کی تقاریر میں نے سنیں اور ان کو میں endorse کرتا ہوں ان کی میں حمایت کرتا ہوں۔ بہرہ ور سعید صاحب کی تقریر سے مجھے اتفاق ہے سوائے ان کی تقریر کے آخری حصے کے۔ جناب گلف کی صورت حال ہمارے لیئے اضطراب کا باعث ہے، ہمارے لیئے پریشانی کا سبب ہے اور پریشانی کا سبب وہ صرف روحانی وجہ سے ہی نہیں بلکہ اس اضطراب کا سبب مادی وجہ بھی ہے۔ خلیج کی صورتحال سے متاثر ہونے والے ملکوں میں عراق کے بعد پاکستان سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے اور ہمیں اس صورتحال سے نہ صرف اس جنگ کے شروع ہونے سے پہلے ہی نقصانات ہونا شروع ہو گئے تھے بلکہ اس کے خدشات اور اس کے اثرات پاکستان کو شاید اگلے ۲۰، ۲۵، ۳۰ برس تک بھگتنا پڑیں گے۔ مجھے اس بات سے اتفاق ہے کہ اگر سعودی سرزمین کو عراقی حملے سے خطرہ پیدا ہو گیا تھا تو سعودی عرب کے دفاع کے لیئے پاکستان کو مدد کرنی چاہیئے تھی اور ان کی درخواست کے بعد پاکستان کو فوجیں وہاں بھیجنی چاہیئے تھیں۔ مجھے اس سے کامل اتفاق ہے۔ مجھے اس بات سے بھی اتفاق ہے کہ عراق نے کویت پر جارحیت کی ہے اور عراق کو کویت سے اپنی فوجیں نکال لینی چاہئیں اور غیر مشروط طور پر نکال لینی چاہئیں تاکہ اس خطے میں بھڑک اُٹھنے والی آگ کو ٹھنڈا کیا جا سکے بجھایا جا سکے ان چیزوں سے مجھے اتفاق ہے۔

جناب والا! ہم بہت سی چیزیں ایک دوسرے میں خلط ملط کر دیتے ہیں۔ خلیج کی موجودہ جنگ کو ہم دو مہینے یا تین مہینے کے پس منظر ہی میں دیکھ رہے ہیں۔ آج کیا ہو رہا ہے اس کو ہم نظر انداز کر رہے ہیں جنگ کیوں شروع ہوئی، کس طرح شروع ہوئی میں اس کی تفصیل میں نہیں جاتا کیونکہ پروفیسر خورشید صاحب اس کا ذکر چکے ہیں۔ قصوروار کون تھا۔ کویت کا کتنا قصور تھا، عراق کا کتنا قصور تھا، امریکہ نے جو جال پھیلایا اس کا کتنا اثر تھا کا یہ ساری چیزیں

بحث میں آچکی ہیں۔

بات دراصل یہ ہے کہ سعودی عرب کا دفاع اور عراق پر حملہ دو الگ الگ چیزیں ہیں اور ان دونوں کو الگ کر کے دیکھنا ہوگا، الگ کر کے سوچنا ہوگا، جس وقت کویت پر عراق نے قبضہ کیا تو سعودی عرب نے پاکستان سے درخواست کی کہ اس کی سرحدوں کو عراقی جارحیت سے خطرہ ہے لہٰذا پاکستان ہماری مدد کرے۔ سعودی عرب ہمارا دوست ملک ہے لہٰذ پاکستان نے ان کی درخواست قبول کر لی اور وہاں پر فوجیں بھیج دی گئیں اس میں اختلاف ہو سکتا ہے لیکن بہر حال ایک رائے یہ موجود ہے کہ عراقی جارحیت کے بعد امریکی افواج سعودی عرب کی سر زمین پر سعودی عرب کے حکمرانوں کی اجازت کے بغیر از خود وہاں اتری ہیں اور وہاں پہنچنے کے بعد انہوں نے بادشاہ سلامت کو اطلاع دی کہ ہم آپ کی حفاظت کے لیئے آگئے ہیں۔ انہوں نے بالکل وہی طریقہ استعمال کیا جس طرح ایک رات روسی فوجیں افغانستان میں داخل ہوگئی تھیں وہاں کے حکمرانوں کی حفاظت کے لیئے عین اسی طریقے سے امریکی فوجیں بھی سعودی عرب میں اتری ہیں۔ جارج بش اور سعودی عرب کے حکمران شاہ فہد دونوں نے واضح طور پر یہ اعلان کیا کہ سعودی عرب کی سر زمین پر امریکی فوجیں سعودی عرب کے دفاع کے لیئے آئی ہیں اور سعودی حکمرانوں نے یہ اعلان کیا کہ سعودی سر زمین کو عراق پر حملہ کے لیئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ اس بات کی اجازت نہیں دی جائے گی کہ سعودی سر زمین کو عراق پر حملہ کے لیئے استعمال کیا جائے یہ اس وقت کے بیانات تھے جب ابھی امریکہ کی تھوڑی سی فوج وہاں پر اتری تھی پھر اس کی تعداد بڑھنا شروع ہوگئی اور اس وقت سعودی عرب کے شاہی خاندان کی بالکل وہی پوزیشن ہوئی جو روسی فوجوں کے انخلا سے پہلے افغانستان کے حکمرانوں کی تھی ان کی اپنی کوئی آزاد مرضی نہیں۔ وہ امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی ۶ لاکھ سے زیادہ فوج کے جو وہاں پڑی ہے یرغمالی ہیں وہ اپنا

کوئی فیصلہ اپنی کوئی رائے ان اتحادی فوجوں پر لاگو نہیں کر سکتے لہٰذا سعودی عرب کی حکومت ان کی یرغمالی ہے وہ آزاد نہیں ہے، اس کی کوئی اپنی رائے نہیں ہے اگر اس کی کوئی رائے ہوتی تو ہمیں پتہ ہے کہ سعودی عرب میں "شاہ" کتنا طاقت ور ہوتا ہے، اس کا ہر حکم ہر بات امر کہی جاتی ہے اور جب اس نے یہ اعلان کر دیا کہ سعودی عرب کی سرزمین کو عراق پر حملہ کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا تو پھر سعودی عرب کی سرزمین کو عراق پر حملے کے لئے کیوں استعمال کیا گیا ہے اگر اس طرح ہم اس صورتحال کا بغور جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ پاکستان کی یہ پالیسی بالکل درست ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کیا جائے اگر اس پر حملہ ہوتا ہے تو اس کا دفاع ہونا چاہیئے اور یہی پاکستان کی حکومت نے کیا ہے اب یہ بات کہ پاکستان کی افواج اتحادی افواج کی کمانڈ میں بھی نہیں ہیں اور اتحادی فوجوں کے ساتھ شامل ہو کر عراق پر حملہ آور بھی نہیں ہیں۔ یہ بات درست ہے اور پاکستان کی افواج ایسے علاقے میں ہیں کہ اگر اسرائیل وہاں سے حملہ کر کے آگے بڑھنا چاہے گا تو اسے پاکستان کی افواج کے ساتھ ٹکرانا ہوگا یہاں تک سب کچھ ٹھیک ہے لیکن اس سے آگے جو کچھ ہو رہا ہے وہ اور شکل اختیار کر گیا ہے۔

اب ہم سعودی عرب اور عراق کے تعلقات کو الگ رکھیں اور عراق پر امریکی جارحیت کو الگ رکھ کر دیکھیں تو پھر بات ہماری سمجھ میں آئے گی پھر پاکستان کے عوام کے جو جذبات بھڑکے ہوئے ہیں وہ سمجھ میں آئیں گے صدام حسین کی یہ تصویریں کیوں مقبول ہو رہی ہیں یہ بات بھی سمجھ میں آئے گی دونوں کو جب آپ ایک دوسرے کے ساتھ خلط ملط کریں گے تو مسئلہ جو ہے وہ واضح نہیں ہوگا۔ جب ہم خلط ملط کر دیتے ہیں تو وہاں آ کر الجھاؤ پیدا ہوتا ہے اور اتنا الجھاؤ پیدا ہوتا ہے نہ خود پاکستان کے علما کے اندر اختلاف پیدا ہو جاتا ہے لہٰذا ان دونوں باتوں کو الگ رکھیں سعودی عرب کا

دفاع کرنا چاہیئے لیکن امریکہ کی اس جارحیت کی حمایت کسی صورت میں نہیں کی جا سکتی۔

جناب چیئرمین! ہم اس واقعہ سے متاثر ہوئے ہیں اور ہم اس واقعہ سے متاثر ہیں اور ہمیں اس حادثہ سے متاثر رہنا ہے۔ جس رات حملہ کیا گیا امریکہ نے یہ کہا کہ چند گھنٹوں کی بات ہے اس کے بعد یہ اعلان ہوا کہ ہم ساڑھے گیارہ گھنٹوں میں عراق کی طاقت کو تباہ کر دیں گے اور کویت کو آزاد کروا لیں گے اور پھر یہ کہا گیا کہ نہیں ۷۲ گھنٹوں میں ایسا ہو جائے گا۔ جناب چیئرمین اس طرف میں آپ کی توجہ دلاتا ہوں کہ روس افغانستان کی سرحد کے قریب واقع ہے۔ روس کی جنگی صلاحیت امریکہ سے کم نہیں۔ افغانستان کی حکومت بھی روس کے ساتھ تھی اور مجاہدین نے خالی ہاتھ ان کی مزاحمت شروع کی تھی۔ درّے سے انہوں نے ۶۰، ۶۰ روپے کے پستول خریدے اور مزاحمت شروع کی۔ پہلے ڈیڑھ برس تک ان کو کسی طرف سے امداد نہیں ملی۔ ڈیڑھ برس تک انہوں نے خالی ہاتھ لاکھوں افغانی اور روسی افواج کی مزاحمت کی، اس کی سپلائی لائن بھی دور نہیں تھی۔ اس کے باوجود امریکی اور دوسرے ملکوں کی امداد کے بغیر خالی ہاتھ مجاہدین نے روس کا تین سال تک مقابلہ کیا۔ ان خالی ہاتھ مجاہدین کے مقابلے میں صدام حسین کی طاقت کم ہے، اس کی تعداد کم ہے، اس کے پاس اسلحہ کم ہے، اس کے پاس جذبات کم ہیں۔ نہیں ایسا نہیں ہے اور پھر روس جو سرحد پر بیٹھا تھا جس کی سپلائی لائن بھی بڑی دور دراز نہیں تھی جس کو ہر چیز جہاز اور ہیلی کاپٹرز کے ذریعے سے نہیں لانی پڑ رہی تھی، اس روس کی انہوں نے تین برس تک مزاحمت کی لہٰذا صدام حسین کے خلاف امریکہ کی جارحیت یہ بہت بڑا واقعہ ہے اور صدام حسین کی طاقت کو امریکہ کبھی نہیں توڑ سکے گا اور عراق کی مزاحمت روز بروز بڑھتی چلی جائے گی اور مارچ کا مہینہ گزرنے کے بعد اتحادی فوجوں کے اپنے جسم پر سورج وہ گل کھلائے گا کہ وہاں بیل

بوٹے اُگ آئیں گے صدام حسین کے مقابلے پر امریکہ کو لازمی طور پر شکست ہو گی۔ صدام حسین کو امریکہ شکست دے ہی نہیں سکتا۔ امریکہ کو اس خطے سے رسوا ہو کر نکلنا ہو گا اور پاکستان کے عوام، پاکستان کی حکومت اور پاکستان کی افواج اس مسئلے میں ہم آہنگ ہیں کہ سعودی عرب کا دفاع کیا جائے لیکن امریکہ کو اس بات کی اجازت دے دی جائے کہ وہ ڈیڑھ کروڑ عراقی مسلمانوں کو شہید کر دے، ان کا خون بہلئے وہاں کے مقدس مقامات کی بے حرمتی کرے، اس کی طاقت اس کی جنگی مشینری کو توڑ دے، اس کی اجازت ہم اور ہمارے عوام کبھی نہیں دے سکتے۔

جناب چیئرمین! افغانستان نے ہمیشہ بھارت کے مقابلے میں پاکستان کی مخالفت کی تھی۔ پھر جب روسی فوجیں افغانستان میں آئیں تو پاکستان نے وہاں مزاحمتی گروپوں کی حمایت کیوں کی تھی۔ اور وہ ایک ہی اصول تھا جس کی بنیاد پر ہم نے اس کی حمایت کی تھی وہ اصول یہ تھا کہ ہمیں یہ علم تھا کہ روس افغانستان کے پہاڑوں پر وہاں چہل قدمی کرنے کے لیئے یا چاند راتوں میں پکنک منانے نہیں آیا بلکہ روس کا اصل ہدف پاکستان ہے اور پاکستان کی افواج نے اپنی جنگ کی پالیسی میں تبدیلی کی۔ انہوں نے دفاعی جنگ لڑنے کی بجائے آئندہ کے لیئے یہ اصول بنایا کہ دشمن ملکوں کو اپنی سرحدوں کے اندر داخل ہونے دینے کی بجائے اس کی مزاحمت کی جائے اور اس کے اپنے علاقے میں اس کے ساتھ جنگ کی جائے۔ یہ پالیسی تھی جو پچھلے ۱۲، ۱۳ برس میں تبدیل ہوئی اور اسی اصول کے تحت پاکستان نے یہ فیصلہ کیا کہ اس سے پہلے کہ روس پاکستان میں داخل ہو اور یہاں ہمیں اس کی مزاحمت کرنی پڑے وہاں کے مزاحمتی گروپ جو ہیں ان کی مدد کی جائے اور اس کو وہیں سے شکست دی جائے لہٰذا ایسا ہوا اور ہم نے گیارہ برس تک وہاں پر ایک مزاحمتی جنگ لڑی۔

جناب اب قصہ یہ ہے کہ ہم سب جانتے ہیں کہ امریکہ پاکستان کا دشمن ہے

امریکہ اور اس کے یورپی اتحادیوں نے کئی برس سے اسلامی بم کا ہوا کھڑا کر کے اپنی قوم کو پاکستان کے خلاف زہر آلود کر رکھا ہے، اپنی قوم کو پاکستان کے خلاف تیار کر رکھا ہے اور ہمیں پتہ ہے کہ اگر عراق کی وار مشینری توڑنے میں کامیاب ہو گئے اگر عراق کو وہ ختم کرنے میں کامیاب ہو گئے تو ان کی اگلی منزل پاکستان ہو گی۔ پھر وہی اصول وہی طریقہ ہم یہاں کیوں نہیں لاگو کرتے۔ یہ عراق کی حفاظت اور صدام کو ڈیفنڈ کرنے کا مسئلہ ہی نہیں ہے کہ ہم عراق کو بچانے جا رہے ہیں، ہم صدام حسین کی حفاظت کرنے جا رہے ہیں، ہم صدام کی حکومت بچانے جا رہے ہیں یہ تو اس کا مسئلہ ہی نہیں یہ تو خالصتاً پاکستان کی سالمیت کا مسئلہ ہے۔ پاکستان کی جنگی مشینری کو بچانے کا مسئلہ ہے، پاکستان کی ایٹمی تنصیبات کی حفاظت کا مسئلہ ہے اور اس وقت جب جنگ شروع ہے تو پاکستان کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ میں آپ کی توجہ ایک چھوٹے سے واقعہ کی طرف دلاتا ہوں جھنگ میں ایک عالم دین کو سیاسی وجوہات کی بنا پر قتل کر دیا گیا کیونکہ وہاں پر ہمیشہ دو مذہبی گروپوں کا مسئلہ اٹھتا تھا۔ اس آدمی نے ایک تیسرے آدمی کو اس کی طاقتور شخصیت سے بچنے کے لئے قتل کروا دیا اور اس کے مذہبی اور جذباتی ساتھیوں نے دوسرے فرقے پر اس کی ذمہ داری ڈال دی جب اس نے دیکھا کہ میں تو بچ گیا ہوں اس چھاتے میں ذمہ داری کسی اور پر پڑ گئی ہے تو اس نے اس کی جگہ جو دوسرا عالم لینے والا تھا اس کو بھی قتل کروا دیا۔ یہ حال ہی میں واقعہ ہوا ہے اسی طرح جناب پاکستان کو بھی خطرہ لاحق ہے۔ اس وقت وہاں پر جو جنگ ہو رہی ہے اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اسرائیل، بھارت امریکہ اور روس میں سے کوئی بھی ہماری ایٹمی تنصیبات پر حملہ آور ہو سکتا ہے اس لیئے کہ یہ تمام ممالک مستقبل میں پاکستان کی طرف سے اپنے لیئے خوف اور خطرہ دیکھتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی حملہ آور ہو سکتا ہے اور ہمیں یہ پتہ نہیں چل پائے گا کہ کون تھا، کس نے کیا۔ ہم کس کس کے خلاف شکایت کریں گے۔ ہم کس کس کے خلاف

جنگ کرنے جائیں گے ۔ اس طرح براہ راست پاکستان کو کوئی طرح کے خطرات درپیش ہیں اور یہ بات درست نہیں ہے کہ پاکستان ہمیشہ امریکہ کی انگلی پکڑ کر چلتا رہا ہے اور پاکستان کی حکومت امریکہ کی انگلی پکڑ کر چلتی ہے ۔ یہ بات صحیح نہیں ہے ۔ پاکستان نے برسوں پہلے سے ایک آزاد پالیسی اختیار کی ہے ۔ پاکستان نے امریکہ کی خواہش کے باوجود ویت نام میں ڈاکٹروں کی ٹیم تک نہیں بھیجی تھی ۔ پاکستان نے امریکہ کی خواہش کے باوجود ایران کی سرحدوں پر اپنی فوج نہیں لگائی تھی اس کے علاوہ افغانستان کے مسلمانوں کی حمایت کا پہلے دن ہی سے فیصلہ کر لیا تھا ۔ پاکستان نے امریکہ کی خواہش کے باوجود اپنی ایٹمی تنصیبات کو بین الاقوامی معائنے کے لیئے نہیں کھولا اور اپنے پروگرام کو سست رو نہیں کیا اور پاکستان کی حالیہ حکومت نے کم از کم اتنا تو کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ ہم کشکول لے کر امریکہ کے پاس نہیں جائیں گے اور صدر پاکستان نے اس حکومت کے آغاز میں مشترکہ اجلاس میں جو تقریر کی تھی اور جس طرح امریکی سفیر کی موجودگی میں انہوں نے واشگاف اعلان کیا اُس سے تو یوں لگتا تھا جیسے کوئی کامریڈ جو ہے وہ امریکہ کے خلاف بول رہا ہو پہلی دفعہ ایسا ہوا اور پاکستان کے سربراہ حکومت نے صاف طور پر کہا کہ ہم امریکہ سے امداد لیں گے ہی نہیں، ہمیں اس کی ضرورت ہی نہیں ہے نہ کشکول لیں گے نہ ہم اس سے درخواست کریں گے ۔

جناب یہ بہت شور کرنے والے جو ہیں اب تو حکومت میں بھی نہیں رہے اب ان کی حکومت بھی نہیں ہے تو صرف سی این این میں اپنی تصویر دکھانے کے لیئے یہ باتیں کر رہے ہیں جناب ۔

؎ بتہرم تم کو مگر نہیں آتی ۔ یعنی تان ٹوٹتی ہے اُن پر، امریکہ کی دوستی کا الزام لگتا ہے اُن پر، تو پھر میں کہوں گا کہ اپنے گریبان میں جھانکیں میں صرف انہی سے کہتا ہوں کہ اپنے گریبان میں جھانکیں چونکہ وہاں گستاخی ہو

ہو جائے گی۔ جناب عالی میں بات مختصر کرتے ہوئے یہی عرض کروں گا کہ سعودی عرب کے دفاع اور امریکہ کا عراق پر حملے کو الگ الگ کر کے دیکھا جائے اور اسی کے مطابق اپنی پالیسی ترتیب دی جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ! نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب چیئرمین! آج کا موضوع اہمیت کے لحاظ سے بہت اہم ہے یہ صرف آج کا ایک واقعہ ہی نہیں ہے بلکہ آج کے اس واقعہ کی روشنی میں ہمیں آئندہ اپنی تمام پالیسیوں کو ترتیب دینا ہے جو تمام اُمت مسلمہ کی ایک بنیادی ضرورت ہے اس لحاظ سے مجھے کچھ تاریخی حوالے دینے پڑیں گے کچھ حوالے دوسرے حضرات دے چکے ہیں۔ دوستی اور دشمنی کے بنیادی حقائق کو اگر سمجھ لیا جائے تو ہم کبھی غلطی نہیں کریں گے۔ ہم ہمیشہ اُس وقت غلطی کرتے ہیں جب ہم اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ ہمارے حقائق اور ہمارے مسائل جس بنیاد پر ترتیب دیئے جاتے ہیں اور دیئے جانے چاہئیں۔ وہ گڈمڈ ہو گئے۔ ہم دوست کو نہ پہچان کر اور دشمن کو اپنا ہمراز بنا کر صدیوں سے اُمت مسلم زک بہ زک اُٹھاتی رہی۔

اس وقت جو حالات ہیں میں اُن سے شروع کرتا ہوں۔ عراق کویت پر بدستور قابض ہے اور اس کا کہنا یہ ہے کہ جس طرح سے کویت کی خاطر تم نے اقدامات کئے ہیں۔ اسی طرح فلسطین کے لئے بھی کرو۔ تب بات انصاف کے ترازو پر سیدھی ہو جائے گی اور اگر آپ ایک طرف اسرائیل کو تحفظ بھی دیتے ہیں اور دوسری طرف آپ صرف کویت کی خاطر سارے عراق پر بمباری کر رہے ہیں تو یہ غلط ہے۔ جنگ کے بھی کچھ طور طریقے ہوتے ہیں کچھ اخلاقی حدود ہوتی ہیں مگر بے تحاشا بمباری کرنے کا مطلب سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ ایک جذبہ ہے دشمنی کا، اور یہ جذبہ کسی سے

چھپا ہوا نہیں ہے۔ اس وقت ہزاروں ٹن گولہ بارود گرانے سے لاکھوں اموات ہو رہی ہیں۔ لیکن اس سے بھی انہیں اپنے مقاصد حاصل ہوتے نظر نہیں آتے اس کے مضمرات بعد میں نظر آئیں گے۔ اگر صدام اس جنگ کا مقابلہ کرتے ہوئے کچھ عرصہ ٹھہر سکا۔ تو یہ امت مسلمہ کے علاوہ باقی دنیا کے ان لوگوں کے لئے جو انصاف سے بالکل برگشتہ نہیں ہیں یقیناً ایک مضبوط سہارا ثابت ہوگا۔ اور اگر خدانخواستہ عراق اس موجودہ الیکٹرونک جنگ سے بچ نہ سکا اور تباہ ہو گیا تو پھر امت مسلمہ کے لیئے اسرائیل اتنا طاقت ور ہو جائے گا اور اتنی شرارتیں کرے گا کہ الامان والحفیظ۔

اب ہمیں دونوں صورتوں کو دیکھنا ہے۔ صدام کے نہ ہونے کے بعد یا صدام کے طاقت ور ہونے کے بعد کی صورت حال ہمیں دونوں زاویوں سے دیکھنا ہوگا ہمیں اپنی اندرونی اور بیرونی پالیسی ترتیب دینی ہے۔ اس میں آپ کی تعلیم، آپ کی ایڈمنسٹریشن، آپ کی تربیت، یہ تمام چیزیں شامل ہوں گی۔ جناب عالی! کویت، سعودی عرب کی اہمیت کیوں بڑھ گئی ہے۔ آج اس کی یاد کیوں ستانے لگی ہے۔ ذرا آیئے خلافت عثمانیہ کے زیر نگیں علاقوں کا نقشہ دیکھیں تمام عرب علاقے۔ اس سے بھی آگے جائیں۔ تاریخی واقعات کو پڑھنا پڑتا ہے آپ سب پڑھے لکھے ہیں۔ جب بلقان کی ریاستیں ایک ایک کر کے آزاد ہوتی رہیں۔ جب ترکی کو یورپ کا "مرد بیمار" ہونے کا خطاب دیا گیا۔ یہ حقیقت بھی ہے اور مجھے اس پر افسوس بھی ہوتا ہے۔ آپ اب سے چار سو سال پیچھے کی طرف جائیں تو آپ دیکھیں گے کہ یورپ کیا تھا وہاں علم کی کیا حالت تھی۔ وہاں کتنے ڈاکٹر تھے مسلمانوں کی کیا contribution تھی۔ یہ آج مہذب بنتے ہیں۔ انہیں یہ تعلیم ملی کہاں سے اور اس تعلیم کو ہم نے چھوڑا کب سے۔ یہ بھی ایک عجیب عبرت کا مقام ہے۔ افسوس کا مقام ہے۔ ۱۹۱۴ء کی جنگ میں جرمن کے ساتھ ترکی مل گیا۔ اب جہاں جنگ ہوتی ہے۔ وہاں مکاریاں بھی ہوتی ہیں اور

یہ تقریباً ہمیشہ اس طرف سے ہوتی ہیں جو ایمان نہیں رکھتے۔ کیونکہ مسلمان مکاری نہیں جانتا۔ مسلمان جہاد جانتا ہے۔ اسے جہاد اور شہادت کا شوق ہے۔ جیساکہ علامہ اقبالؒ نے کہا ہے۔

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی

جہاں اسلام نہیں ہے۔ وہاں صرف زندگی کی آسائشوں کا حصول ہی نظریۂ حیات ہے اور وہ جیسے بھی حاصل کی جائیں۔ ایک چیز ترکوں کے ساتھ کی گئی۔ ترکوں کے مقابلے میں عرب نیشنلزم کو ابھارا گیا۔ میں ۱۹۳۸ء میں حج پر گیا تھا۔ اس وقت میری عمر کم تھی جب میں مدینہ منورہ پہنچا تو ترکی کی ریل موجود تھی۔ سٹیشن پر چھت پڑی ہوئی تھی وہاں سے وہ ترکوں کو نیچے گراتے تھے۔ کس کے کہنے پر؟ انگریز کے کہنے پر اور انگریزوں نے ان کے ساتھ کیا معاہدہ کیا تھا؟ یہ کہ تم ترکوں سے لڑو اور جب تم آزاد ہو جاؤ گے تو سارے عرب پر تمہاری حکومت ہوگی اس طرح انہوں نے تمام عرب کو اپنے حصار میں لے لیا، جنگ ختم ہوگئی۔ آپ کو علم ہے کہ فلسطین میں جو جہاد ہوا ہے جو خون بہا ہے۔ مسلمانوں نے جو بہادری کے کرشمے دکھائے ہیں اور جس طرح یورپ کی ساری فوجوں کو وہاں سے بھاگنا پڑا تھا۔ وہ کوئی کبھی نہیں بھول سکتا اور اس کا ریفرنس ابھی آیا ہے۔ فلسطین کا ایک حصہ کاٹ دیا گیا اور پھر اسے آبادی کے لئے دے دیا۔ لبنان جدا ہوا۔ اُردن جدا ہوا۔ عراق جدا ہوا۔ سعودی عرب جدا ہوا۔ ۱۹۲۵ء میں سعودی عرب میں حکومت بنی

اب فلسطین میں کیا ہونا شروع ہوا ہے۔ یہودی بڑی بڑی قیمت دے کر انہوں نے عربوں کی زمینیں خریدنی شروع کیں۔ ہمارے بلوچستان میں بھی ہندوؤں کی جائیداد تھی لیکن ہندو کی اس خریداری کو ۱۹۳۰ء کے شاہی جرگے کے حکم سے بند کر دیا گیا۔ اگر یہ بند نہ کیا جاتا تو آج بلوچستان میں نوّے فیصد زمینیں ہندوؤں کے پاس ہوتیں۔ لیکن انگریز جو وہاں بیٹھا ہوا تھا اس نے ایسا کام نہیں کیا کہ یہودی

مال دار ہے تو سارا عرب اسے دے دیں۔ یہ منشا تو ان کا اسی وقت سے تھا کہ کسی نہ کسی طریقے سے یہود کو عرب کے دل میں بٹھا دیا جائے۔ یہ ہمارا ایک سپاہی ہوگا۔ ہمارا ایک مورچہ ہوگا۔ جب ضرورت ہوگی اس سے ان کو دبائیں گے۔ پھر ہوا یہ ہے کہ عرب دنیا میں تیل نکل آیا۔ اب ہم جب گئے تو وہاں کی سڑکیں اور عمارات دیکھ کر مجھے ایک دھچکا لگا۔ انہوں نے دولت کو طاقت بڑھانے کی بجائے علم کے فروغ کی بجائے شکرے خریدنے پر صرف کیا۔ شکار پر اربوں روپے خرچ کیے۔ لیکن ٹینک نہیں بنا سکے۔ بندوق نہیں بنا سکے۔ لوگوں کو جہاد کے لئے تیار نہیں کر سکے۔ اس کا نتیجہ ابھی ان کو نظر آئے گا۔ ہم پاکستانی ہر مسلمان سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ خلافت ختم ہوئی تو ہندوستان کے مسلمان روئے کیوں؟ جو یتیم ہوتا ہے وہ ہمدرد ہوتا ہے۔ جو نازو نعم میں پلا ہوتا ہے۔ وہ پرواہ نہیں کرتا۔ ہمارے دل میں ہر مسلمان کے لئے محبت ہے۔ کلمہ طیبہ کی بدولت آپس میں اخوت کا رشتہ ہے۔ لیکن عجیب بات یہ بھی ہے کہ ہم خود کو مسلمان کہتے ہیں لیکن ہم نے آج تک اسلام پر عمل نہیں کیا ہے، زبان سے صرف اقرار کیا لیکن قرآن کو یوں پس پشت ڈالا کہ ہمارا ابھی ایک حصہ کٹ گیا۔ تمام عالم اسلام کے لئے اب ایک راستہ باقی رہ گیا ہے کہ وہ ایک دولت مشترکہ تشکیل دیں

Defence, communications and foreign policy ہمارے اپنے ہاتھ میں ہو۔ ہر ملک اس کا رکن ہو۔ اگر یہ نہیں کیا اور اگر ہم اس میں فیل ہو گئے یا ہماری وزارت خارجہ کے ذہن میں یہ نقشہ نہ آیا اور ہمیں اس کی اہمیت کا اندازہ نہ ہوا اور ہم اپنی تعلیم کو اس صحیح نہج پر نہ لائے اور صرف انگلش کلچرڈ آدمی پیدا کیئے اور مجاہد پیدا نہ کیئے تو پھر ہم اس مسئلہ کو حل نہیں کر سکتے۔ ہمیں چاہیئے کہ آنے والے حالات کے لیئے ہم تیار ہو جائیں۔ ترکوں کی شکست سے امت مسلمہ کا ناقابل فراموش نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم اسلام نہیں چاہتے۔ انہوں نے مسجدوں کو تالے لگا دیئے اسلام سے وہ بالکل برگشتہ ہو گئے۔ ۱۹۷۳ء میں آر سی

ڈی کے وفد میں لیڈر آف دی ڈیلیگیشن تھا۔ اس وقت میں نے نوٹ کیا کہ جوان لوگوں نے ہمیں بہت زیادہ محبت دی۔ ایک شام میں نماز پڑھنے کے لیئے نکلا تو سب مسجدوں کو تالے لگے ہوئے تھے۔ میں واپس آیا ہوٹل میں اور کوٹ نکال کر اس پر میں نے نماز پڑھی لیکن جب دوسرے دن میں مسجد میں گیا تو ایک جوان آدمی کو دیکھا۔ اتنے خشوع وخضوع سے وہ دعا کر رہا تھا کہ انسان اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں پا سکتا تھا۔ میں سمجھ گیا کہ اب کچھ نہ کچھ لوگوں میں بیداری پیدا ہو رہی ہے مگر جس قسم کی تربیت لوگوں کی کر دی گئی ہے اس سے انہوں نے سمجھا کہ اسلام چلنے کے قابل ہی نہیں ہے حالانکہ اصل میں غلطی یہ تھی جیسے کہ حضرت علامہ اقبال نے کہا ہے۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

ہم اس بات کو نہیں سمجھے نہ سمجھا سکے ہیں یہ ہمارے درس کا حصہ ہے نہ ہمارے کردار کی تعمیر اس پر ہوئی ہے نہ ہم کو اب تک قرآن کا اور رسول کا پتہ ہے کہ اس نے ہمیں کیا دیا ہے اور اسلام ہمیں ہر معاملے میں کیا دے رہا ہے۔

عرب ریجن اس وقت کامیابی کی کنجی ہے جس کے پاس عرب کے تیل کا کنٹرول ہوگا وہ دنیا کو نچا سکتا ہے۔ آج کل ٹیکنالوجی اور مشینری کا دور ہے۔ ضرورت پیٹرول کی ہے وہ ہمارے ان صحراؤں میں موجود ہے جہاں کبھی ناقۂ لیلیٰ چلتی تھی اور آج وہاں ٹینک اور ہوائی جہاز چلتے ہیں۔ اس تیل کو ہتھیانے کے لیئے یہ تمام کارروائی ہوئی ہے۔ اگر چوہدری صاحب کی بات کو صحیح تسلیم کیا جائے ہو سکتا ہے کہ انہوں نے تحقیقات کی ہو۔ لیکن میرے ذہن میں یہ بات واضح نہیں ہے کہ آیا امریکہ کی فوجیں پہلے پہنچی ہیں اور منظوری بعد میں لی گئی ہے۔ اگر یہ حقیقت ہے تو یہ سب کے لیئے چیلنج ہے پھر تو ہم لوگوں کے لیئے ہی نہیں بلکہ سب کے لیئے چیلنج ہے اور آج نہیں تو کل ہم کو بھی ایسی صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے۔

وہ آپ کی اٹامک انرجی کے حصول پر سیخ پا ہو رہے ہیں۔ ہندوستان ایٹمی انرجی حاصل کرلے تو جائز، یہودی لے لیں تو جائز، دنیا کی ہر قوم لے لے تو ٹھیک لیکن پاکستان ایک گناہگار ہے، یہ کیا ہے، اس کی میں آپ کو وجہ بتاتا ہوں۔

ایک کتاب ۷۸ - ۱۹۷۷ء میں "Militant Islam" کے نام سے نکلی تھی۔ پروفیسر خورشید صاحب اسے پڑھ چکے ہیں، میں پڑھ چکا ہوں اس میں پہلے تو اسلام کی بات کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ پھر کہتا ہے کہ جب شام پر فرانس کا قبضہ ہو گیا تو، تو ایک جنرل (اس کا میں نام بھول گیا ہوں) وہ صلاح الدین ایوبی کی قبر پر آیا اور کہا "صلاح الدین We have come back آخیر میں کہتا ہے کہ مسلمانوں میں پھر ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ بیداری پیدا ہو گئی ہے، اس کتاب کے شائع ہونے کے بعد افغانستان پر حملہ، عراق اور ایران کی جنگ بغیر کسی وجہ کے یہ کون سا قانون ہے۔ آج سی این این میں دو عورتیں آپس میں باتیں کر رہی تھیں۔ ایک عورت کہہ رہی تھی کہ یہی عراق امریکہ کا دوست تھا۔ دوستی ایک طرف، پٹرول دوسری طرف سیاست تیسری طرف، ان کا کام بن سکتا ہے تو صرف اسرائیل سے بن سکتا ہے اسلام سے تو نہیں بن سکتا، کیوں؛ ہم مسلمان ہیں جونہی اسلام پر بات آلے گی تو ہم میں ایسے لوگ ہوں گے جو اسلام کی حمایت میں سر بکف ہیں وہ تو کہتے ہیں کہ اسلام کے لئے شہید ہو جائیں۔ شیوخ یہی تو کر رہے ہیں اور یہی چیز تھی ہندوستان میں انگریزوں کی پالیسی میں کہ جہاد کا تصور ختم کر دو اور اس کے لئے انھیں ایک نبی بنانا پڑا۔

اس وقت افغانستان نے جو کچھ کر دکھایا ہے وہ صرف اللہ تعالیٰ کے اس قانون پر گئے ان کا مقصد اعلیٰ تھا، روس چلا گیا، اب اس میں جنگ بالکل بند ہونی چاہیے اور اگر بند نہیں کرتے تو پھر امیر کے ذریعے سے فیصلہ ہو، سات جماعتوں کے ذریعے سے نہ ہو۔ وہ کبھی ایک چیز پر متفق نہیں ہوں گے ایک دوسرے کو قتل کرتے رہیں گے۔ جب کوئی جہاد ہو گا تو اس میں ایک امیر ہو گا اس امیر

کا حکم تسلیم کیا جائے گا۔ تین چار پانچ پارٹیاں نہیں ہوں گی۔ پھر یہی افغانستان آپ کو ہندوستان کے مقابلے میں مدد دے گا۔ آپ اس کو کمزور نہ ہونے دیں۔

افغانستان میں شہنشاہیت ختم ہو چکی ہے۔ افغان ایک مسلمان قوم ہے ہم نے اس کے ساتھ ہمدردی کی ہے۔ وہ ہمارے ہمدرد ہیں وہ ہمارا ساتھ دیں گے۔ اس لئے اس جنگ بندی کو اوّلیت دی جائے جس طریقے سے بھی ختم ہونی چاہیئے۔ اگر جرگے سے ختم ہوتی ہے تو میں نے پہلے خط لکھا ہے ہمیں اجازت دو ہم نے جرگے کیے ہیں اور افغانستان میں ہماری کاکڑ قوم تیس لاکھ کی تعداد میں موجود ہے۔ ہم وہاں جاتے رہتے ہیں۔ یہاں سے جرگے میں جائیں اور کسی نہ کسی طریقے سے اس کام کو ختم کریں گے۔ قرآن پاک میں حکم ہے کہ اگر دو مسلمان آپس میں لڑیں تو مسلمانوں کا تیسرا فریق ان کو روکے اور اگر ان میں سے ایک نہیں مانتا تو پھر سب مل کر کے اس نہ ماننے والے کا مقابلہ کریں یہاں تک کہ وہ سر تسلیم خم کرے۔ اگر یہ اصول ہم ایران اور عراق کے درمیان جنگ بندی کے لیئے استعمال کرتے تو آج ہمیں یہ دن دیکھنا نہ پڑتا۔ میں پچھلے سال لیبیا میں گیا تھا۔ وہاں انہوں نے کوئی ڈیڑھ گھنٹہ تقریر کی۔ میں نے جواب دیا ان کا مطلب یہ تھا کہ ہم کمزور ہیں۔ ہم میں اتفاق ہونا چاہیئے تو میں نے کہا کہ امت مسلمہ کو ایک ہو کر سوچنا چاہیئے اور جب تک آپ سائنس اور ٹیکنالوجی کو نہیں اپناتے آپ ہمیشہ محتاج رہیں گے۔ جب تک آپ ہر چیز میں خود کفیل نہیں ہوں گے تو آپ طاقتور نہیں بن سکتے۔ یہ تو نہیں ہو سکتا کہ آپ امریکہ سے ٹینک مانگیں اور پھر اس کے ساتھ جنگ بھی کریں۔ آپ اس کے ساتھ جنگ نہیں کر سکتے اس سے آپ اس وقت جنگ کر سکتے ہیں جب آپ اس سے کوئی چیز نہ مانگیں۔

جناب چیئرمین: نواب صاحب آپ ذرا wind up کریں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزی: اچھا جی اس وقت ہماری حکومت کی یہی کوشش ہے کہ جنگ بند ہو جائے اور اس کے بعد فلسطین اور کشمیر کا معاملہ بھی اٹھایا

جائے۔بعض لوگ کہتے ہیں کہ حکومت کی غفلت تھی میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ کسی کو یہ یقین نہیں تھا کہ ۱۵ جنوری کے بعد واقعی جنگ شروع ہو جائے گی سی این این پر بتایا گیا تھا کہ یہ ڈیڈ لائن تو ہے لیکن حملہ کسی وقت بھی ہو سکتا ہے انہوں نے اچانک حملہ کر دیا ۔ جمہوری حکومتوں میں ایک آدمی کا فیصلہ تو نہیں ہوتا کابینہ ہوتی ہے، کابینہ کے بعد عوام کے نمائندے ہوتے ہیں،اسمبلیاں ہوتی ہیں پھر عوام کے پاس جانا پڑتا ہے تو وہ تمام باتیں یکجا نہیں ہو سکتیں۔اتنے ڈسپلنڈ ہم لوگ نہیں ہیں۔بہر صورت اس وقت ملک کے عوام اور حکومت یک زبان یک جان ہونی چاہیئے۔ تبھی ہم آئندہ کی مشکلات کا مقابلہ کر سکیں گے اور ان لوگوں سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے جو ہمیشہ اس ٹوہ میں لگے رہتے ہیں کہ حکومت کو نہ چلنے دیا جائے اس کو ختم کیا جائے۔ ہم ایسے لوگوں سے بہت فریب کھا چکے ہیں ہم بہت پیچھے رہ گئے ہیں، ہم پر بہت سارے مارشل لار لگ چکے ہیں اب خدارا سیاست میں کچھ پختگی پیدا کرو۔ ذاتیات کو چھوڑ کر صرف ملک کی تعمیر کا مقصد پیش نظر ہونا چاہیئے عوام کی کردار سازی ہونی چاہیئے،ذاتی انا اور ذاتی مصلحت نہیں۔شکریہ!

<u>جناب چیئرمین</u> : قاضی عبداللطیف صاحب ۔

<u>قاضی عبداللطیف</u> : جناب والا! سب سے پہلے تو میں یہ گزارش کروں گا کہ شاید آپ کے علم میں بھی یہ بات آئی ہو گی کہ ڈپٹی چیئرمین صاحب کے دور میں ایک زبانی تحریک استحقاق بھی منظور کر لی گئی تھی اور آج اگر میں بھی یہ جرأت کروں کہ زبانی ایک تحریک استحقاق پیش کروں تو میں توقع رکھتا ہوں کہ اسی روایت کے مطابق اسے منظور کیا جائے گا یہ جو تحریک آج پیش ہونے والی ہے اس کا جو اردو ترجمہ دیا گیا ہے وہ انگریزی متن کا سراسر غلط ترجمہ ہے جو کچھ میں نے اس کے اندر ترامیم دی ہیں دو تین چیزیں جو بطور اضافہ کے ہیں خہ تو آج کی تحریک کے اندر شامل کر لی گئی ہیں لیکن اس کی عبارت کی تصحیح کے لئے جو میں نے اس میں ترامیم دی ہوئی ہیں وہ تقریباً ساری کے ساری انگریزی متن کے اندر تو موجود ہیں

وہاں تکرار زیادہ نہیں ہے جبکہ اردو کے ساتھ یہ ظلم کیا گیا ہے اس کے اندر بار بار ایک جملے کی تکرار کی گئی ہے اور وہ ترجمہ تقریباً ہمیں غلط ملا ہے تو میں یہ آپ کی خدمت میں بطور تحریک استحقاق کے پیش کر رہا ہوں آپ مہربانی فرما کر اس کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کر دیں تاکہ اس کی تحقیقات کی جائے کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین : یہ بار بار شکایت آ رہی ہے تو میں اس کو ذرا خود دیکھتا ہوں اور اس کو نوٹ کرتا ہوں۔

قاضی عبداللطیف ۔ بہرحال میری تحریک استحقاق کا نوٹس لینا چاہیئے۔

جناب چیئرمین : بہرحال کئی ممبران نے اس چیز کی طرف اشارہ کیا ہے کہیں کوئی غلطی تو ہے اس کو دیکھنا پڑے گا۔

قاضی عبداللطیف : نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب والا ! اس وقت میں خلیج کے مسئلے میں مزید تفصیل میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ اس سے پہلے بھی میں اس پر بول چکا ہوں اور اس کے اسباب، اس کی وجہ پیدائش، وجہ نزاع اور اس کا تجزیہ میں اس سے قبل کر چکا ہوں، اس وقت لمحہ بہ لمحہ حالات بدل رہے ہیں ضرورت اس وقت اس کی ہے کہ موجودہ حالات کے مطابق کچھ گزارشات کروں ۔

اس سلسلے میں میری گزارش یہ ہے کہ امریکہ اور اتحادیوں نے عراق پر جس وحشیانہ طریقے سے عراق پر بمباری شروع کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سلامتی کی قرارداد کی خلاف ورزی ہے سلامتی کونسل کی قرارداد اس سلسلے میں مبہم سہی لیکن اس میں اتنا کہا گیا ہے کہ کویت کو آزاد کرانے کے لیئے طاقت کا استعمال کیا جا سکتا ہے اس میں سے یہ مفہوم کہاں سے نکل آیا کہ عراق کے عوام کو بھی تہہ تیغ کیا جائے اور ان کو بھی نیست و نابود کر دیا جائے اس سے وہ شبہات تقویت پکڑتے ہیں کہ امریکہ نے یہاں کچھ اپنے مقاصد سامنے رکھے ہوئے ہیں کویت کی آزادی کی بجائے وہ اپنے ہی مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے اور اسی کی بنیاد پر اس نے وہاں وحشیانہ بمباری شروع کر دی ہے۔

اس وقت میرے نزدیک سب سے پہلی چیز جنگ کو بند کرانا ہے اور خلیج کے اندر امن قائم کرانا ہے۔اس وقت ساری دنیا میں جنگ کے خلاف نفرت پائی جاتی ہے، مظاہرے ہو رہے ہیں حتیٰ کہ خود جو اتحادی ممالک ہیں ان کے عوام بھی اس پالیسی کے خلاف مظاہرے کر رہے ہیں لہذا جنگ سے تمام دنیا کو نفرت ہے اور میں افسوس سے کہوں گا کہ جنگ عظیم ثانی کے بعد دنیا کو جو خطرہ لاحق تھا اور یورپ کو بجا طور پر یہ خطرہ تھا کہ تیسری جنگ ایٹمی جنگ ہو گی اور ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی۔اس کا میدان جنگ بھی یورپ ہی ہو گا۔اسی وقت سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ یورپ کی یہ کوشش رہی ہے کہ جس طریقے سے بھی ہو یورپ کی سرزمین سے جنگ کو ٹالا جائے۔اب انہوں نے اسی بنیاد پر جرمنی کے دونوں حصوں کو اکٹھا کر دیا اور دوسرے انقلابات بھی آ گئے اور سب کو مصالحانہ طریقے سے انہوں نے اکٹھا کر دیا ہے اب امریکہ اس زعم میں ہے کہ دنیا کے اندر واحد سپر طاقت اس کی ہے اسے خطرہ آج کمیونزم سے نہیں ہے اس کو اگر خطرہ ہے تو عالم اسلام سے ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ شاہ فیصل رحمتہ اللہ علیہ نے جس وقت ان کے خلاف تیل کا حربہ استعمال کیا تھا تو اس وقت سے انہوں نے اس قسم کے منصوبے بنانے شروع کر دیئے تھے لہٰذا اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ سلامتی کونسل کا اجلاس بلا کر ان سے پوچھا جائے کہ آپ کی قرارداد کا متن کیا تھا۔آپ کی قرارداد کے الفاظ کیا تھے اور کیا واقعتاً یہ جنگ انہی خطوط پر چل رہی ہے جو قرارداد کے الفاظ تھے یا جس بات کی قرارداد کے اندر نشاندہی کی گئی تھی۔میں یقین سے یہ کہتا ہوں کہ یہ جنگ نہ تو اس قرارداد کے متن کے مطابق ہے اور نہ اس کے مقصد کے مطابق ہے ورنہ دوسری طاقتیں جن میں روس چین جاپان اور فرانس شامل ہیں یقیناً اس جنگ کی کبھی بھی اس طریقے سے حمایت نہیں کر سکتے۔مجھے آج بھی یقین ہے کہ اگر ان لوگوں کے ساتھ رابطہ کیا جائے تو سلامتی کونسل میں ان کا ووٹ امریکہ کے خلاف ہو گا۔یہ صحیح ہے کہ ہم کہتے ہیں کہ صدام نے بڑا ظلم کیا ہے اور سخت غلطی

کی ہے۔اس دن بھی میں نے اپنی تقریر میں گزارش کی تھی جو ریکارڈ پر موجود ہے کہ صدام کے جرم کی سزا عراق کو نہیں ملنی چاہیے عالم اسلام کو نہیں ملنی چاہیئے اور اس وقت ہماری حکومت اسلامی سربراہی کانفرنس کا اجلاس بلانے کی کوشش کر رہی ہے خدا کرے کہ وہ کامیاب ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کی طاقت سے باہر کی بات ہے اور ان کے اختیارات سے باہر کی بات ہے اس لیے کہ جنگ انہی کے سر پر مسلط ہے اور ان کی اپنی برادری آپس میں خود ہی منقسم ہے، وہ خود ہی نہیں سمجھ رہے کہ انہیں کیا کرنا ہے جو جنگ ان پر مسلط کر دی گئی ہے اور وہ اس وقت جس طریقے سے پھیل رہی ہے ساری دنیا کو اس سے یقیناً خطرہ لاحق ہے اور پاکستان بھی اس خطرے سے باہر نہیں ہے۔ اس لیئے ہمارا فرض یہ بنتا ہے کہ تمام اسلامی ممالک اور دیگر ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے قائم کریں کیونکہ یہ آگ آگے بڑھے گی یہاں رکے گی نہیں۔ لہٰذا اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کر کے اس جنگ کو پہلے تو ختم کرایا جائے۔ اس کے بعد اس کے متعلق معلومات حاصل کی جائیں کہ یہ خلاف ورزی سلامتی کونسل کی قرار داد کے مقاصد یا ان کے الفاظ سے متجاوز کیوں ہوئی ہے اور کون اس کے اندر مجرم ہے۔ لہٰذا میرے نزدیک سب سے پہلی بات اس وقت یہ ہے کہ جنگ کو ختم کرانے کی کوشش کی جائے۔

دوسری گزارش میری اس ضمن میں یہ ہے کہ ملک کے اندر تمام سیاسی لیڈروں، مفکرین، علماء کرام کو اکٹھا کر کے صحیح حالات سے آگاہ کیا جائے۔ جہاں تک سعودی عرب کے دفاع کا تعلق ہے ہمارا ایمان ہے کہ ہمیں مقاماتِ مقدسہ کی حفاظت کرنی ہے جو سیاسی اور دوستانہ حالات کے لحاظ سے بھی ضروری ہے۔ جہاں تک حکومت کی اس بات کا تعلق ہے کہ اس نے سعودی عرب کا ساتھ دیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہم عالمی برادری سے باہر نہیں نکل سکتے ہیں۔ عالمی برادری نے جو فیصلہ کیا ہے اسی کو ہم نے اپنایا ہے اور آج کی دنیا میں پاکستان عالمی برادری سے علیحدہ نہیں رہ سکتا۔ البتہ میں یہی بات پھر بھی عرض کروں گا کہ عالمی برادری کی قرارداد کے مطابق یہ جنگ نہیں ہو رہی اس لیئے اس قرارداد پر دوبارہ بحث کرائی جائے اور جتنے بھی اقوام متحدہ کے ممبر ممالک ہیں ان کے ساتھ رابطہ

قائم کیا جائے اور بڑے وسیع پیمانے پر یہاں سے حکومت کے وفود باہر بھیجے جائیں اور ان کو سمجھائیں کہ سلامتی کونسل کی قرارداد کا مدعا کیا تھا۔ آج تو انہوں نے مشرق وسطیٰ کو جہنم بنا دیا ہے اور اس کا اثر ساری دنیا پر پڑے گا اور اگر ہم نے اس طریقے سے غفلت کی تو یہ جنگ یقیناً مزید پھیل جائے گی اور اس کی لپیٹ میں پاکستان اور دوسرے ممالک بھی آسکتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، ڈاکٹر محبوب الحق صاحب۔ قبل اس کے کہ ڈاکٹر صاحب تقریر کریں یہ بتائیں کہ قرارداد پر کوئی اتفاق رائے ہو گیا ہے یا

that amendments are going to be moved.

پروفیسر خورشید احمد: ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: consensus ہو گیا ہے۔

(INTERRUPTIONS)

Mr. Hasan A. Sheikh: Sir, I don't know. I have yet to speak.

جناب چیئرمین: جی آپ کی تقریر کی باری ابھی آئے گی شیخ صاحب تقریر کرنے پر پابندی نہیں ہے صرف میں یہ چاہتا ہوں کہ کم از کم قرارداد پر اتفاق رائے ہو جائے تاکہ وقت بچ جائے۔ میرا خیال ہے کہ جو آپ نے agree کیا ہے شیخ صاحب کو بھی بتا دیں۔

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, that can be done today. That should be done last of all when the debate is over.

جناب چیئرمین: اس دوران آپ consensus evolve کریں تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔

Mr. Hasan A. Shaikh: So far as I am concerned, this is a political matter. If Mr. Muhammad Ali Khan Hoti who is may leader

and a Leader of the House and Mr. Sartaj Aziz who is a leader of the Government, they agree, I will not stand in their way.

(Interruption)

Mr. Chairman: Qazi Abdul Latif on a point of order

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔ میں گزارش کروں گا کہ جس طریقے سے میں نے پہلے آپ کو توجہ دلائی ہے اس لئے میری گزارش یہ ہوگی کہ یہ قرارداد اُردو میں پڑھی جائے تاکہ اس کی تصحیح اور تدوین پر ہم بھی کچھ کہہ سکیں۔

Mr. Hasan A. Sheikh: No, Sir. That is his view.

پروفیسر خورشید احمد: ترجمہ کو ہم نے صحیح کرالیا ہے اور ان کی تجاویز کو سمو دیا ہے۔

جناب چیئرمین: صحیح طریقے سے کر دیا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: جو اضافہ تھا اس کو بھی ہم نے اس میں شامل کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: تو پھر ابھی ترجمے کا مسئلہ نہیں ہے۔

قاضی عبداللطیف: میں کہتا ہوں کہ قرارداد کو اُردو میں آنا چاہیئے اس لئے کہ یہ ہماری قومی زبان ہے ہم لندن میں نہیں بیٹھے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی ہاں میں یہی کہہ رہا ہوں۔

ڈاکٹر محبوب الحق: اب تو اس کا ترجمہ ہو سکتا ہے۔

جناب چیئرمین: اس کا پھر یہ ہوگا میرے خیال میں I would be open to correction چونکہ ابھی قرارداد پیش نہیں ہوئی ہے قرارداد کو اسی شکل میں پیش کیا جائے جس پر سب agreed ہیں تاکہ پھر ترامیم کی ضرورت نہ پڑے۔ چونکہ ابھی یہ move نہیں ہوئی ہے۔

ڈاکٹر محبوب الحق: جی ہاں یہ ٹھیک ہے ہم کر سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: ٹھیک ہے یہ بات آپ کی صحیح ہے ایسا ہی ہوگا۔ لیکن ہم نے اس بات کی پوری کوشش کی ہے کہ consensus build کریں اور ہم

نے انہیں یہ بھی پیش کش کی تھی کہ co-sponsor ہو جائیں لیکن مناسب انہوں نے یہی سمجھا اور یہ قرارداد آپ کے سامنے آ جائے گی۔ اس کے بعد دونوں حضرات جنہوں نے ترامیم تجویز کی تھیں وہ اپنی بات کہہ کر اپنی ترامیم پر اصرار نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین: اچھا ٹھیک ہے۔ جی جناب بشیر صاحب۔

قاضی عبداللطیف: کیا ان کی ترامیم جو ہیں وہ باقی ہیں؟

جناب بشیر احمد مٹہ: میں عرض کرتا ہوں کہ چونکہ یہ substantive resolution ہے اور اس کو ڈرافٹ کرنے سے پہلے اس پر غور کرنا چاہیئے تھا۔ کل جب ہم یہاں آئے تو یہ قرارداد یہاں پر پڑی تھی۔ اس کے بعد جو کچھ ہم نے مناسب سمجھا وہ ترامیم دی تھیں۔ لیکن میرا تو یہ خیال تھا کہ تقاریر ختم ہو جائیں تو اس کے بعد ہاؤس کا خیال معلوم کر کے ایک قرارداد ڈرافٹ کی جاتی تو زیادہ اتفاق رائے ہو جاتا۔

جناب چیئرمین: صحیح ہے آپ کی بات لیکن دیکھیں سب نقطہ ہائے نظر آ رہے ہیں قرارداد کے بارے میں آپ کی اور جناب جاوید جبار صاحب کی ترامیم ہیں اور قاضی صاحب کا کوئی اور نقطۂ نظر ہے تو بہتر یہ ہے کہ اس کو بھی اسی متفقہ صورت میں آپ move کریں اگر نہیں کر سکتے تو پھر دوسرا پروسیجر follow کریں گے لیکن اگر آپ ایک ایسی شکل میں move کر سکیں جس پر سب کو اتفاق ہو تو پھر ہمارا وقت بچ جائے گا۔

جناب بشیر احمد مٹہ: اگر اس کے لیے ایک دو دن کا مزید وقت دے دیں تو ذرا بہتر رہے گا۔ تو اس میں consensus ہو سکتی ہے۔

Mr. Chairman: Again, it is upto the House.

ٹھیک ہے جی بہر حال آپ اس پر سوچ لیں محمد علی خان صاحب بھی آ گئے ہیں۔ جی ڈاکٹر محبوب الحق صاحب۔

ڈاکٹر محبوب الحق: جناب چیئرمین! آج سے ساڑھے تیرہ سو سال پہلے عراق

کی سرزمین نے ایک لاثانی منظر دیکھا۔ ایک کربلا تب تھی اور ایک کربلا آج ہے۔ آخر پاکستان کے عوام مضطرب کیوں نہ ہوں۔ جناب چیئرمین! اس وقت مسلم اُمہ بڑی سخت آزمائش میں ہے اور ہر ایسی آزمائش کے وقت یہ ضروری ہوتا ہے کہ ہم پورے تدبر اور تحمل سے کام لیں۔ جناب چیئرمین! دنیا کے سارے ممالک اکٹھے چلے تھے کیونکہ یہ ایک اصولوں کی آزمائش تھی۔ لیکن اب یہ اصولوں کی آزمائش نہیں رہی اب تو یہ جنگ ایک نیا رُخ اختیار کر رہی ہے۔ اصولوں پر تو ہماری قوم اور ہماری حکومت نے لبیک کہا تھا۔ اصول یہ ہے کہ ایک ملک کسی دوسرے ملک پر زبردستی قبضہ نہ کرے۔ اصول یہ تھا کہ عراق کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ کویت کو ضم کر لے۔ اصول یہ تھا کہ کسی خطۂ زمین پر بھی کسی جابر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ لوگوں کی آزادی کو سلب کرلے چاہے وہ فلسطین ہو یا کشمیر۔ لیکن یہ جنگ اب اصولوں کی جنگ نہیں رہی۔ کیا یہ جنگ وہی حل ہے جس کی اقوام متحدہ نے اجازت دی تھی جیسے ابھی قاضی عبداللطیف صاحب نے فرمایا۔ کیا یہ جنگ وہی حل ہے جس کی تلاش میں دنیا کے سارے ممالک نے تعاون کیا تھا۔

And unfortunately, Mr. Chairman, the answer is no. The U.N. resolution was very clear and was very carefully drafted and it was only for that reason that it obtained the support of so many nations. The U.N. resolution said, "it authorized member-governments and I quote - to use all necessary measures to uphold and implement Resolution 660 which incidentally asked for unconditional withdrawal of Iraq from Kuwait, to uphold and implement Resolution 660 and subsequent and relevant resolutions and to restore international peace and security in the area." It is important, Mr. Chairman, the wording of the resolution:-

> "To use all necessary means to uphold and implement — and then — to restore international peace and security in the area".

At the very most Mr. Chairman, this UN Resolution

can be stretched to cover the use of force for the liberation of Kuwait and by no stretch of imagination it can be extended to the slaughter of Baghdad and it is time that the nations which supported the resolution should raise this issue again in the United Nations, in the Security Council because it cannot become helpless spectators of war. A war that they did not imposed, a war which is being fought in the name of a coalition that does not exist, a war which is being fought in the name of international morality which is being violated, a war which is being fought in the name of all of us, all the countries which supported the UN Resolution but a war over which we have no control, a war which is not under the UN umbrella or under the umbrella or under the control of multinational forces, a war its conduct, its intensity, its nature is being determined by only one country and who does this war benefit Mr. Chairman; whose interest does it serve? Does it serve the interest of the Muslim World which is more polarised and divided today? Does it serve the interest of Saudi Arabia which is financing this war by billions of dollars every week and which will see a postwar world an Arab world which is radical, unpredictable and dangerous? Does it really serve the interest of Kuwait in the long run? Because all that they may inherit will be scorched earth, burnt refineries, dead bodies and a legacy of bitterness. Does it serve the interest of the Third World or developing countries who are witnessing a pressure of 50 to 100 million dollars additional on their economies in the next few months and who will be seeing everyday a billion dollar going up in smoke, a billion dollar which could immunize the children of all the Third World nations for next ten years, whose interest does this war serve? That is why I agree with my colleagues, with all the hon'ble Senators, that the first priority is to bring this war to an immediate end and to seek a peaceful solution. It is in the spirit Mr. Chairman, that I have presented a four point peace plan and I would like to just elaborate a little but I will be very brief.

The first issue is immediate cease-fire and stoppage of all bombing and if it cannot immediately get it, let me suggest at least in the name of humanity, let us establish peace sanctuaries in Iraq, peace sanctuaries around "Muqadas Muqamat", at least around Najaf and Karbala-e-Muala, around Roza of Hazarat Abdul Qadir Jillani, around Roza of Imam Abu Hanifa, at least around some sacred places and that there should be an agreement that they are off-limit and there should be an agreement that civilian population is off-limit, at leat in the name of humanity Pakistan Government can propose to the United Nations and to the Security Council that if you cannot stop immediate bombing today, establish these peace sanctuaries at least in Iraq, that is my first proposal.

Secondly there should be a simultaneous withdrawl of Iraq from Kuwait and all the multinational forces from Saudi Arabia and from the Gulf and this should also ensure territorial integrity of Kuwait but let me also add territorial integrity of Iraq. Because what is happening there and the proposals that we hear, there may be an explosion in Iraq, there may be redrawing of the map of the Middle East. Let us commit ourselves not only to the territorial integrity of Kuwait which is sacred and should have been maintained but the territorial integrity of Iraq, of Jordan, or all the countries, there are Muslim countries there and not give this opportunity to re-draw the map of the Middle East in the interest of the powers that be and thirdly, Mr. Chairman, after securing the withdrawl of Iraq from Kuwait, four things have to be done quickly; restoration of the legitimate Government of Kuwait; termination of economic sanctions against Iraq; setting up of a UN peace keeping force primarily from Muslim countries and setting up of a UN mechanism to arbitrate disputes between Iraq and Kuwait.

Finally, it is necessary to remind the world that there should be no selective morality. If the principles as enshrined in the UN Charter are to be applied if there is

an anxiety about implementing, un-implemented UN Resolutions, they should also be applied to Palestine, to Kashmir, to all the other un-implemented resolutions about South Africa and others. Because injustice anywhere is a threat to humanity everywhere and in that spirit let us build the new world order but on ethics not on brute power. It is in this spirit I suggest Mr. Chairman, that in the Senate we should adopt a resolution which can advance the cause of peace and support our Prime Minister in his current peace mission. Mr. Chairman, who will listen to such a peace plan, it is said there is no limit to human irrationality, it is said our voices will be merely a cry in the wilderness, that may be so, Mr. Chairman, I repeat, that may be so but let me suggest that is precisely at times of international madness the rational voices must be raised whether anyone listens or not. We owe it to ourselves, we owe it to the code of international civilized behaviours, we owe it to everything that is precious in our lives and precious for future generations. So, whether anybody listens or not, it is our duty to advance a peace plan. It is our duty to urge our Government to go forward with the peace mission. It is our duty to support our Prime Minister, close our ranks at a time of crisis, support him in a very difficult task, it may work, it may not work but at least we would have tried and the Senate would have given in this a constructive lead as has always been done on the most difficult issues that this nation has faced. Thank you very much Mr. Chairman.

جناب چیئرمین: قاضی حسین احمد۔

قاضی حسین احمد: شکریہ جناب چیئرمین! بسم اللہ الرّحمان الرّحیم ! جناب چیئرمین! اس جنگ کو میں عراق اور سعودی عرب یا عراق اور امریکہ کے درمیان جنگ کی حیثیت سے نہیں دیکھتا۔ اس جنگ میں امریکہ اور اسرائیل اور اس کی تہذیب ایک طرف اور امت مسلمہ اور اس کی تہذیب دوسری طرف یہ دو تہذیبوں کی جنگ ہے اور صدر بش نے افواج بھیجنے سے پہلے جو تقریر کی تھی اس کو آپ ذرا بغور ملاحظہ

کریں تو اس میں اس بات کا اشارہ ملتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس سطح پر جو آدمی بیٹھا ہے وہ تو کھل کر بات نہیں کرتا وہ اشارہ ہی دیتا ہے جو اس کے ارادے ہیں وہ تو کھل کر بیان نہیں کرتا لیکن اس نے بار بار کہا ہے اس تقریر میں بھی کہا ہے اور اس کے بعد بھی کہا ہے کہ اگلی صدی میں وہ ایک نیا نظام بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں جس کا ذریعہ وہ اقوام متحدہ کو بناتے ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ یقیناً اس کی قیادت امریکہ کے ہاتھ میں ہوگی اور وہ آئندہ کے ورلڈ آرڈر کا علمبردار خود بننا چاہتے ہیں۔اس کے راستے میں اسلامی تہذیب رکاوٹ ہے اسی لئے آپ تمام مغربی جرائد میں اور کتابوں میں آج کل یہ دیکھتے ہیں کہ جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ یہ نیٹو کس لئے ہے اب وارسا پیکٹ تو نہیں رہا،اب نیٹو کس لئے ہے،جب اٹلی کے وزیر خارجہ کا پچھلے ہفتے کے نیوز ویک میں ایک انٹرویو ہے جب اس سے پوچھا گیا کہ کیا نیٹو کی اب کوئی افادیت باقی ہے تو اس نے کہا کہ یہ بڑا asset ہے۔سارہ ممالک کے درمیان جو یونٹی پیدا ہوئی ہے اور جو ہم آہنگی پیدا ہوئی ہے یہ ہم آہنگی ہمارے مستقبل کے لئے بہت بڑا asset ہے۔

وہ مستقبل میں اسلامک فورسز ، اسلامی ممالک اور امت مسلمہ کے خطرے کا کھلے لفظوں میں ذکر کرتا ہے اشارتاً نہیں کھلے لفظوں میں اس کا ذکر کرتا ہے اسی طرح جب صدر بش سے پوچھا گیا کہ تین سو بلین ڈالر سالانہ کا دفاعی بجٹ کس کے خلاف ہے روس تو پسپا ہو گیا ہے۔مشرقی یورپ تو اب آپ کے ساتھ چل رہا ہے اتنا دفاعی بجٹ کس کے خلاف ہے تو وہ اس پر خاموش رہا ہے لیکن اس سے آگے پھر تجزیہ نگار خود ٹائم میگزین میں کہتا ہے کہ مستقبل میں اسلامی ممالک کا خطرہ درپیش ہے اور اس سے ہمیں چشم پوشی نہیں کرنی چاہیئے،لندن کے اکانومسٹ نے بھی اسی مہینے جو مکالمہ محمود اور فرانس کا شائع ہوا ہے جو ایک مسلمان اور پادری کے درمیان ہے اس مکالمے میں بھی یہی ہے کہ نیا ورلڈ آرڈر بنانا چاہیئے کیونکہ مسلمانوں سے خطرہ ہے اور مسلمانوں میں جنگی جنون اور جوش وخروش اور جذبہ موجود ہے۔

نوجوانوں کی بہت بڑی تعداد اور آبادی میں اضافہ اور ۲۰ سال سے کم عمر کی بہت بڑی تعداد جو پچاس سے ساٹھ فیصدی تک ہے ان تمام باتوں کی وجہ سے مسلمانوں میں ایک ولولہ پایا جاتا ہے اور یہ یورپ کے لیئے اسی طرح کا خطرہ ہے جس طرح کا خطرہ پہلے ایک دفعہ اندلس کے ذریعے سے فرانس تک آنے میں دوسری دفعہ وسط ایشیا سے ماسکو تک اور تیسری دفعہ قسطنطنیہ کے راستے سے ویانا تک مسلمانوں کے پہنچنے پر انہوں نے محسوس کیا تھا۔ آج یورپ کے اخبارات اور جرائد اس سے بھرے ہوئے ہیں۔ اب یہ کوئی تجزیئے کی بات نہیں ہے، کوئی وہمی اور کوئی خیالی بات نہیں بلکہ وہ اپنے لوگوں کو اس طرح کا تجزیہ دے کر ذہنًا ہماری دشمنی پر اکسلاتے ہیں اور اس کے ساتھ عملاً بھی انہوں نے اس ضمن میں اقدام کیا ہے۔

میں جناب چیئرمین! دیکھتا ہوں کہ یہ امریکہ کی طرف سے ہے۔ اور اسرائیل اس کا ایک آؤٹ پوسٹ ہے اور اس کو اس علاقے میں رکھا ہی اسی لیئے ہے کہ مسلمان اکٹھے نہ ہو سکیں اور مسلمانوں کی جو موجودہ جغرافیائی تقسیم ہے یہ تقسیم اگر ہم قبول کریں کہ ہاں یہ تقسیم صحیح ہے تو ہم استعماری حدود کو تسلیم کریں گے۔ سلطنت عثمانیہ میں اسی صدی کی ابتدا میں یہ تقسیم موجود نہیں تھی۔ کہاں تھا اس طرح کا شام وہاں پر فیصل کو ترکوں کے خلاف استعمال کر کے اس سے یہ وعدہ کیا گیا کہ ایک بہت بڑی عظیم عرب سلطنت ہو گی اور تم ترکی سے زیادہ بڑی طاقت بنو گے۔ ترکی تو چھوٹی طاقت ہے سارا عرب شام اور اس کے ساتھ فلسطین اور یہ لبنان اور عراق اور اردن اور جزیرہ نمائے عرب یہ سب مل کر تمہیں اپنا بادشاہ بنالیں گے تم اس سے بڑی طاقت بنو گے۔ اس کو استعمال کرنے کے بعد اس سے پہلے شریف الصون کو استعمال کیا گیا اور پھر اس کو اپنا مفاد حاصل کر لے کے بعد قبرص میں قید کر دیا گیا پھر اس کو شام منفی فلسطین، منفی لبنان کا بادشاہ بنا دیا گیا۔ عیسائی اکثریت کی ایک مصنوعی ریاست شام سے کاٹ کر لبنان بنا دی گئی۔ فلسطین کو شام سے کاٹ کر اس کے اندر ایک اسرائیلی ریاست بنا دی

گئی اور شرق اردن کو کاٹ کر اس کے اندر فیصل کا ایک بھائی بادشاہ بنا دیا گیا اور عراق کے اندر فیصل کے دوسرے بھائی کو بادشاہ بنا دیا گیا تین بادشاہتیں اور ایک اسرائیل اور ایک عیسائی سلطنت لبنان کی۔ یہ سارا انگریز نے کیا ہے اور یہ چھوٹے چھوٹے دیہات تھے سمگلروں کے گاؤں تھے ایک دوبئی تھا، ایک ابوظہبی تھا ایک کویت تھا ان کو انہوں نے تحفظ دیا اپنے اڈوں کے طور پر استعمال کرتے رہے ابھی یہ بات ہماری یادداشت میں ہے کہ یہ سارے برطانیہ کے بحری اڈے تھے. اور اس کے بعد جب یہاں تیل نکل آیا تو ان کو تحفظ دیا۔ تیل ان کا لے لیتے ہیں ان کی دولت خود استعمال کرتے ہیں۔ کاغذی رقم ان کے پاس ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین! اس پورے نقشے کو آپ دیکھیں ہمارے خلاف وہ حملہ آور ہیں انہوں نے اس دنیا میں ذات پات کا ایک نظام بنایا ہوا ہے وہ خود اس کے برہمن اور کھتری ہیں اور انڈیا، اسرائیل اور جاپان وغیرہ کو وہ استعمال کرتے ہیں وہاں کے ویش اور ان کے بنیئے ہیں اور ہم شودر ہیں۔ ہم سے نفرت کی تعلیم دی جاتی ہے ہمارے خلاف نفرت پھیلائی جا رہی ہے اور ہمیں خود ان کی نفرت کا نشانہ بنایا جا رہا ہے اس پورے context میں جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ کیا امریکن کیمپ میں آپ کی جگہ ہے کیا ایک باحمیت اور غیرت مند مسلمان کی حیثیت سے امریکن کیمپ میں ہماری جگہ ہے کیا ہمیں اس میں رہنا چاہیئے یہ میں نہیں مانتا کہ ہم امریکن کیمپ میں نہیں ہیں۔ جو بھی کہے گا اور اس ضمن میں جو بھی دلائل دے گا وہ جھوٹ ہوگا۔ ہم امریکن کیمپ میں شامل ہیں جب ہم خارجہ پالیسی میں تبدیلی کی بات کرتے ہیں تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ خارجہ پالیسی میں تبدیلی کوئی بچوں کا کھیل نہیں ہے کہ ہماری "کُٹی" ہوگئی ہے اس کے لیئے تو کافی لمبی منصوبہ بندی کرنی پڑتی ہے وہ منصوبہ بندی کہاں ہے آپ کا وہ ارادہ کہاں ہے کہ آپ خارجہ پالیسی کو تبدیل کر رہے ہیں اور اس سے نکلنے کا ارادہ کر چکے ہیں اپنی دوسری سمت اختیار کر رہے ہیں آپ کی کابینہ میں جو اہم عہدے ہیں وہ آپ نے ان لوگوں کو دے رکھے ہیں جن کی ذہنی ساخت ہی امریکہ کی ٹکسال میں بنی ہے۔ وہ دوسری طرح سوچ ہی نہیں سکتے ان کے اندر یہ صلاحیت ہی نہیں ہے کہ وہ دوسری طرح سوچ سکیں۔

جناب چیئرمین! میں بہت لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا ہماری خارجہ پالیسی کے عملی نتائج جو ہمارے اوپر پڑ رہے ہیں ان کی طرف آپ کو متوجہ کر رہا ہوں ملک اور قوم ایک turmoil میں ہے صدام کے خلاف آپ ہزار باتیں کریں کہ اس نے یہ کیا ہے اس میں یہ خرابی ہے میں اس کو زیادہ جانتا ہوں میں اس کے تمام کرتوتوں سے بھی زیادہ باخبر ہوں۔ہماری تحریک کے لوگ اس سے زیادہ باخبر ہیں جو وہاں پر ہیں لیکن میں آپ کو بتاتا ہوں کہ اس وقت آپ جو بھی اس کے خلاف کہیں وہ بجا لیکن وہ اسی طریقے سے پورے عالم اسلام اور امت مسلمہ کا لیڈر بن گیا ہے جس طرح سے ایک زمانے میں برصغیر ہندوپاک کے مسلمانوں کو قائداعظم نے ایک نعرے کے اوپر اکٹھا کر دیا تھا اور ان کے خلاف بھی بہت ساری چیزیں تھیں اور بہت سارے لوگ ان کے خلاف تھے لیکن ان لوگوں کو ان کی یہ ادا پسند تھی کہ وہ اولوالعزم ہے ارادے کا پکا ہے جو بات کرتا ہے اس کو چھوڑتا نہیں ہے ساری قوم اور ساری امت اس کے ساتھ ہو گئی تھی۔اس وقت آپ بھی ہزار باتیں اس کے بارے میں کہیں گے لیکن امت کے imagination کو اس نے catch کر لیا ہے۔امت کے دشمن کو اس نے چیلنج کر دیا ہے۔امت کا جو دشمن ہے وہ اس کا دشمن ہے، وہ اس کے مقابلے میں آگیا ہے۔آپ اس کے بارے میں کچھ بھی کہیں اب ہمارے بچے بھی اس کے ساتھ ہیں ہمارے بوڑھے بھی اس کے ساتھ ہیں ہماری خواتین بھی اس کے ساتھ ہیں اور لوگ جو کہتے ہیں کہ یہ ایک وقتی چیز ہے۔ وقتی ابال ہے ٹھیک ہے صدام وقتی ہی ہو سکتا ہے وہ ایک فانی انسان ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ اس جنگ کے بعد نہ رہے لیکن یہ anti-Americanism ہے اور امریکہ کو پہچان کر اس کی مخالفت کرتا ہے امت مسلمہ کے دلوں کی آخری گہرائیوں تک یہ زخم پہنچ گئے ہیں اور یہ ختم نہیں ہوں گے اگر یہاں اس حکومت نے رہنا ہے اور مستحکم رہنا ہے تو عوام اور موجودہ حکومت کے درمیان یہ خلیج خطرناک ہے ۔حکومت کو عوام کے جذبات اور احساسات کا خیال کرنا چاہیئے اور یہ جو وزراء ہم نے لیئے ہیں اور خاص طور سے آپ نے وزیر خارجہ کو ان

کے ساتھ کر دیا ہے جن کے بارے میں،میں نے کہا ہے کہ ان کی ذہنی ساخت ہی امریکی ٹکسال میں بنی ہوئی ہے۔وہ امن مشن پر ایران گئے تھے اور جو کچھ انہوں نے وہاں کمایا تھا وہ ترکی جاکر انہوں نے ختم کر دیا ترکی کے اندر زائل کر دیا۔آج ترکی کے بارے میں جو رپورٹ آپ پڑھتے ہیں اس میں وہی ایک بات ہے کہ صدام اپنی ضد کو چھوڑ دے کیا اس سے آپ situation کو diffuse کر سکتے ہیں کیا اس کے ذریعے سے آپ کا امن مشن کامیاب ہو سکتا ہے۔اس کے ذریعے سے آپ کا امن مشن کامیاب نہیں ہو سکتا اور یہ ٹیکنوکریٹ کا وہ ذہن ہوتا ہے جو اپنی سابقہ پالیسی کے الفاظ کو گورکھ دھندے میں الجھا ہوا ہے اس میں یہ صلاحیت نہیں ہے کہ وہ باہر آئے اور situation کا مطالعہ کرے اور عملاً جو حالات ہیں ان کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لے اور اس کے مطابق انقلابی تبدیلیاں کر دے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح جن لوگوں کو یہ خدشہ ہے کہ اس سے پیپلز پارٹی والے فائدہ اٹھا سکتے ہیں یہ خدشہ بے بنیاد ہے۔ پیپلز پارٹی کی co-chairperson اور لیڈر جو اس کی سب کچھ ہے اس نے وہاں جاکر بُش کے حق میں بیان دےکر سیاسی خودکشی کر لی ہے۔اب اس معاملے میں سے پیپلز پارٹی کا کوئی رول ہی نہیں رہا اس کو اسی طریقے سے قوم مسترد کر دے گی جس طریقے سے اس نے بُش کو مسترد کر دیا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کو مسترد کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح کوئی بھی دوسرا شخص جو امت مسلمہ کی تمناؤں اور آرزوؤں کا ساتھ نہ دے سکتا ہو جو اسلامی تہذیب اور اسلامی تشخص کے مقابلے میں امریکی کلچر کا دلدادہ اور دلدار ہو وہ اس پوری تحریک سے مستقبل میں کوئی بھی فائدہ نہیں اٹھا سکے گا یہ دو کلچرز کے درمیان جنگ کا آغاز ہو چکا ہے اور جتنا وقت گزرتا جائے گا اور عراق امریکہ جنگ کا جو بھی نتیجہ نکلے لیکن یہ جو ہماری طویل جنگ ہے یہ جاری رہے گی اور جس طریقے سے اب بھی صدر بُش نے کہا ہے اگر آپ اس جنگ کو نہیں جیتیں گے تو صدیوں کی جنگ آپ کو لڑنی پڑے گی اور صدیوں تک آپ

کو لڑنا پڑے گا۔ میں کہتا ہوں کہ وہ اس جنگ کو اس طریقے سے نہیں جیت سکتے۔ یہ جنگ اس طرح کی جنگ نہیں ہے کہ وہ بغداد کو تباہ کر دیں یا عراقی فوج کی کمر توڑ دیں اور اس کے نتیجے میں وہ اس جنگ کو جیت لیں گے اور پھر جناب چیئرمین! امریکہ یہ چاہتا ہے کہ ان کے فوجی بنکروں میں پڑے رہیں اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے وہ بٹن دبائیں اور عراق پر بمباری کر کے جنگ جیت جائیں۔ جنگ میں اپنی فوج کو ضرور commit کرنا پڑتا ہے۔ اس میں کوئی قتل ہونے کے لئے اور خود قتل ہونے کے لئے تیار ہو تو وہی وہ جنگ جیت سکتا ہے۔ اس لئے قرآن بھی جو مسلمانوں کو جنگ کے ضمن میں کہتا ہے کہ مسلمانوں کو کفر اور باطل کا مقابلہ کرنا پڑے گا ان کو یہ نہیں کہتا کہ تم ہی کافروں کو قتل کرو گے بلکہ کہتا ہے کہ وہ قتل ہوتے ہیں اور قتل کرتے ہیں۔ خود بھی قتل ہوتے ہیں اور اللہ کے دشمنوں کو بھی قتل کرتے ہیں۔ امریکہ اور بُش ان کو تسلی دیتا ہے کہ تمہارا دشمن قتل ہوگا اور تم بنکروں کے نیچے کمپیوٹر استعمال کرتے رہو گے۔ انہوں نے ویت نام کی جنگ میں ایک Drone نامی جہاز بنایا تھا جو بغیر پائلٹ کے چلتا تھا جو ناکام ہو گیا۔ بغیر پائلٹ کے کوئی جہاز اور کوئی مشینری کامیاب نہیں ہو گی اور امریکی قوم جو اس وقت راحت اور آسائش کی دلدادہ ہو چکی ہے جن کے سامنے یہی دنیا ہے جو مادہ پرست قوم ہے اور جن کے سامنے کوئی اعلیٰ تصور اور مقاصد نہیں ہیں جو حیوان ہیں اور جو جانور ہیں وہ انشاء اللہ انسانیت کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔

انسانیت کی جو اعلیٰ اقدار ہیں۔ اسلام ان کا علمبردار ہے اور وہی انسانیت کو سکون دے سکتا ہے، وہی امن قائم کر سکتا ہے، وہی ایک جدید ورلڈ آرڈر قائم کر سکتا ہے جس میں سب لوگوں کو ان کے حقوق ملیں اسی کی ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ موقع دیا ہے کہ ہم ایک ایسے ملک کے اندر رہتے ہیں جو اسلام کی بنیاد پر وجود میں آیا ہے جو نظریۂ اسلام کا علمبردار ہے۔ اسلام کے نام پر وجود میں آنے والے اس ملک کے جو مقاصد ہیں۔ ان کی خاطر اپنی پالیسیوں میں تبدیلی کریں۔ اقتصادی پالیسی بھی تبدیل کریں۔

ہمارے ہاں تو ایسے افسران ہیں جو ۲۲ اور ۲۳ گریڈ کے افسران ہیں (سب کی بات میں نہیں کرتا) جن کی بڑی آرزو اور تمنا ہوتی ہے لیکن ان میں بہت تعداد ایسے لوگوں کی ہے جن کی تمنا یہ ہوتی ہے کہ ان کے بچوں کو امریکہ میں وظائف ملیں اور ان کو ورلڈ بنک کی ملازمت ملے۔ یہی ان کی ساری دنیا ہے اور اسی نظر سے سوچتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ ہر چیز میں مین میخ نکالتے ہیں الفاظ کو تبدیل کرتے ہیں اور قرار دادوں کے اندر مداخلت کرتے ہیں کہ کہیں ان کا آقا اور ان کا ماسٹر ان سے ناراض نہ ہو جائے۔

جناب چیئرمین! اس لئے میں آپ سے یہی استدعا کروں گا کہ امت مسلمہ کا ساتھ دیجئے۔ امت مسلمہ کی صف میں کھڑے ہو جائیے۔ اپنی حکومت سے بھی یہی کہوں گا کہ اگر ملک کو بحران سے بچانا چاہتے ہو اور بحران بہت قریب ہے۔ بہت دور نہیں ہے اور خود حکومت کے تمام کار پردازوں کو پتہ ہے۔ ہمیں پتہ ہے۔ آپ کو پتہ ہے کہ کون کونسی فورسز یہاں پر involve ہیں اور یہاں پر کیا کیا کرنا چاہتی ہیں اگر آپ اس ملک کو مارشل لاء سے بچانا چاہتے ہیں آپ اس ملک کو خرابی اور بحران سے بچانا چاہتے ہیں تو آپ عوام کی امنگوں اور آرزوؤں کا ساتھ دیجئے انقلابی تبدیلیاں لائیے اور ان بیچارے ٹیکنوکریٹس کو فارغ کر دیجئے یا ٹیکنوکریٹ والا کام ان کے ذمے لگا دیجئے اور جو سیاسی کام ہے وہ سیاستدانوں اور سیاسی کارکنوں کے سپرد کر دیجئے۔ تاکہ عوام کے جذبات اور احساسات کو وہ محسوس کر سکیں اور اس کے مطابق اس گاڑی کو چلا سکیں۔ شکریہ

جناب چیئرمین: اچھا جناب اب پونے دو بج چکے ہیں اور ابھی لسٹ پر پانچ چھ سپیکر ہیں۔ تو کیا خیال ہے۔ شیخ صاحب آپ کا نام ابھی آرہا ہے بنگلزئی صاحب کے بعد۔

Mr. Hasan A. Shaikh: I think, it might be adjourned to the next day.

جناب چیئرمین: اچھا ملتوی کر دیں۔ ٹھیک ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! یہ جنگ کی صورت حال ہے اور آپ کا فرض یہ ہے کہ اسے قوم کے سامنے بھی اور دنیا کے سامنے بھی اس طرح پیش کریں اسے زیادہ مؤخر کرنا مناسب نہیں ہے یا تو ہم تین بجے تک بیٹھیں اور اسے مکمل کرلیں۔ یا پھر آج ہی بعد دوپہر ملیں۔

جناب چیئرمین: بعد دوپہر میں صحیح نہیں ہوگا کیونکہ بہت سارے لوگ چلے جائیں گے ابھی بھی آپ دیکھ رہے ہیں کہ حاضری کم ہوگئی ہے۔ یوں کرلیتے ہیں کہ پرائیویٹ ممبرز ڈے بھی اسی پر صرف کریں۔

پروفیسر خورشید احمد: دیکھیے پرائم منسٹر صاحب ہفتے اتوار تک واپس آرہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آجائیں تو اچھا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: آپ کا ریزولیوشن آج جاتا ہے تو اس کا زیادہ impact ہے۔

جناب چیئرمین: بہر حال، جاوید جبار صاحب۔

جناب جاوید جبار: میری گزارش یہ ہوگی کہ پرائیویٹ ممبرز ڈے کو آپ سوموار پر رکھ لیں اور اسے اتوار کو مکمل کریں اور پرائیویٹ ممبرز ڈے کو آگے نہ بڑھائیں۔ کیونکہ Last weak we have lost one Private Members Day.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ شیخ صاحب آپ اتوار کو ہوں گے۔ بنگلزئی صاحب آپ بھی ہوں گے کیونکہ اگلے مقرر آپ ہیں۔ اس کے بعد شیخ صاحب ہیں پھر مولانا سمیع الحق صاحب اگر اس دن آسکے۔ اس کے بعد بشیر مٹہ صاحب ہیں اس کے بعد بوستان علی ہوتی صاحب ہیں پھر اعجاز علی خان جتوئی صاحب ہیں۔

Then I adjourn this House to meet again on Sunday which would be the 27th at.......

Mr. Hasan A. Shaikh: At 3.30 p.m. but not as a Private Members Day.

جناب چیئرمین : وہ تو پھر باقاعدہ موشن move ہوگی۔

جناب جاوید جبار : وہ موشن move ہوگی اور وہ سوموار کو کر لیں۔

جناب چیئرمین : ابھی آپ سے اجازت لے لیتا ہوں ۔ آپ موو کر دیں۔

Mr. Javed Jabbar: Sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988 that Sunday, 27th of January 1991, be treated as the Non-Private Members Day and the Private Members Day be fixed for Monday i.e. 28 January 1991, as Non-Private Members Day so that this discussion on the Gulf situation can continue.

Mr. Chairman: It has been moved by Mr. Javed Jabbar that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, that Sunday, 27th of January, 1991, be treated as Non-Private Members Day and the Private Members Day be fixed for Monday i.e., 28th January, 1991 so that this discussion on Gulf situation can continue.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: So, I adjourn this House to meet again on Sunday 27th of January at 4.00 P.M.

کیونکہ سرتاج عزیز صاحب نے کہا ہے کہ صبح کیبنٹ میٹنگ ہے ۔

(The House adjourned to meet again at four of the clock in the evening on Sunday, January 27, 1991).